43	**Kya Allah ke alava kisi ko gaib ka ilm hai?**	**کیا اللہ کے علاوہ کسی کو غیب کا علم ہے؟**	٤٣
	Ji nahi, Allah ke alava kisi ko gaib ka ilm nahi hai.	جی نہیں، اللہ کے علاوہ کسی کو غیب کا علم نہیں ہے۔	

44	**Woh paanch ehem cheezein konsi hai jinko Allah ke alava koi nahi jaanta aur unko gaib ki chabiya kaha gaya hai?**	**وہ پانچ اہم چیزیں کون سی ہیں جن کو اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا اور ان کو غیب کی چابیاں کہا گیا ہے؟**	٤٤
	Woh paanch cheezein yeh hai:-	وہ پانچ چیزیں یہ ہیں۔	
1.	Qayamat kab qaayam hogi?	قیامت کب قائم ہوگی؟	١
2.	Baarish kab barsegi?	بارش کب برسے گی؟	٢
3.	Maaon ke rahmo mein kya hai?	ماؤوں کے رحموں میں کیا ہے؟	٣
4.	Koi kal kya karega?	کوئی کل کیا کرے گا؟	٤
5	Kis zameen mein marega?	کس زمین میں مرے گا؟	٥

45	**Qur'an Majeed ki woh konsi ayat hai jisme in paanch cheezo ka zikr hai?**	قرآن مجید کی وہ کون سی آیت ہے جس میں ان پانچ چیزوں کا ذکر ہے؟	٤٥
إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ			
	(Luqman -34)	(لقمان ۔٣٤)	

46	**Gaib Dani ka dawa karne wala kaisa hai?**	**غیب دانی کا دعوی کرنے والا کیسا ہے؟**	٤٦

	Gaib Dani ka dawa karne wala jhoota aur makkaar hai.	غیب دانی کا دعوی کرنے والا جھوٹا اور مکار ہے۔	

47	**Taweez ke baare mein Islam ka kya huqm hai?**	**تعویذ کے بارے میں اسلام کا کیا حکم ہے؟**	٤٧
مَنْ عَلَّقَ تَمِيْمَةً فَقَدْ أَشْرَكَ			
	Allah ke Rasool ﷺ ne farmaya: Jisne taweez latkayi, usne shirk kiya. (Ahmed).	اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جس نے تعویذ لٹکائی اُس نے شرک کیا۔ (احمد)	

48	**Kya Nazre Badd se bachne ke liye gaal mein kajal ka tika aur haath mein kaala kadaa aur dhaga, wagairah pehen sakte hai?**	**کیا نظر بد سے بچنے کیلئے گال میں کاجل کا ٹیکا اور ہاتھ میں کالا کڑا اور دھا گا وغیرہ پہن سکتے ہیں؟**	٤٨
	Ji nahi, kyuke har takleef ko dur karne wala sirf Allah Ta'ala hi hai.	جی نہیں۔ کیونکہ ہر تکلیف کو دور کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔	

49	**Kya Gairullah ki qasam khana jayez hai?**	**کیا غیر اللہ کی قسم کھانا جائز ہے؟**	٤٩
	Jayez nahi, Rasool ﷺ ne farmaya:	جائز نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:	
مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللهِ فَقَدْ أَشْرَكَ			
	Jisne Gairullah ki qasam khayi, usne shirk kiya. (Bukhari).	جس نے غیر اللہ کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔ (بخاری)	

50	**Kya Allah Ta'ala ne insaano ki hidayat ke liye asmaani kitabe nabiyon par nazil farmayi?**	**کیا اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے آسمانی کتابیں نبیوں پر نازل فرمائیں؟**	٥٠
	Ji haan, Allah ne insaano ki hidayat ke liye asmaani kitabe nabiyon par nazil farmayi.	جی ہاں ، اللہ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے آسمانی کتابیں نبیوں پر نازل فرمائیں۔	

51	**Woh asmaani kitabe konsi hai jo**	**وہ آسمانی کتابیں کون سی ہیں جو اللہ**	٥١

	Allah Ta'ala ne nabiyon par nazil farmayi?	**تعالیٰ نے نبیوں پر نازل فرمائیں؟**	
A. B. C. D. E. F.	Suhufi Ibrahim. Suhufi Musa (Taurat). Zabur. Injeel. Qur'an Majeed.	صحف ابراہیم - صحفِ موسیٰ (تورات)۔ زبو۔ انجیل۔ قرآن مجید۔	١ ٢ ٣ ٤ ٥

52	**Yeh asmaani kitabe kin kin nabiyon par nazil farmayi?**	**یہ آسمانی کتا بیں کن کن نبیوں پر نازل فرمائیں؟**	٥٢
A. B. C. D. E.	Suhufi Ibrahim - Ibrahim عليه السلام par Suhufi Musa (Taurat) - Musa عليه السلام par. Zabur- Dawood عليه السلام par. Injeel- Isa عليه السلام par. Qur'an Majeed- Muhammad ﷺ par.	صحف ابراہیم ابراہیم علیہ السلام پر۔ صحف موسیٰ (تورات) :موسیٰ علیہ السلام پر۔ زبور :داؤد علیہ السلام پر۔ انجیل :عیسی علیہ السلام پر۔ قرآن مجید :محمد ﷺ پر۔	١ ٢ ٣ ٤ ٥

53	**Kya in asmaani kitabo par hamara imaan lana aur amal karna dono zaroori hai?**	**کیا ان آسمانی کتابوں پر ہمارا ایمان لانا اور عمل کرنا دونوں ضروری ہے؟**	٥٣
	Asmaani kitabo par hamara imaan lana zaroori hai aur amal karna jayez nahi hai, sirf Qur'an Majeed hi ek aisi kitab hai jispar imaan ke saath amal bhi zaroori hai.	آسمانی کتابوں پر ہمارا ایمان لانا ضروری ہے اور عمل کرنا جائز نہیں ہے۔ صرف قرآن مجید ہی ایک ایسی کتاب ہے جس پر ایمان کے ساتھ عمل بھی ضروری ہے۔	

54	**Kya Qur'an Majeed ke alava dusri asmaani kitabe asli haalat mein maujood hai?**	**کیا قرآن مجید کے علاوہ دوسری آسمانی کتابیں اصلی حالت میں موجود ہیں؟**	٥٤
	Ji nahi, Qur'an Majeed ke alava dusri asmaani kitabe asli haalat mein maujood nahi hai.	جی نہیں! قرآن مجید کے علاوہ دوسری آسمانی کتابیں اصلی حالت میں موجود نہیں ہیں۔	

55	**Qur'an Majeed ke alava dusri asmaani kitabe asli haalat mein mehfooz nahi rehne ka sabab kya hai?**	**قرآن مجید کے علاوہ دوسری آسمانی کتابیں اصلی حالت میں محفوظ نہیں رہنے کا سبب کیا ہے؟**	۵۵
	Iski wajah yeh hai ke guzashta asmaani kitabe khaas waqt ke liye nazil ki gayi thi, Is liye Allah Ta'ala ne unki hifazat ki zimmedari nahi li. Allah Ta'ala ne sirf Qur'an Majeed ki hifazat ki zimmedari li hai kyuke yeh kitab qayamat tak ke liye nazil ki gayi hai.	اس کی وجہ یہ ہے کہ گزشتہ آسمانی کتابیں خاص وقت کے لیے نازل کی گئیں تھیں اس لیے اللہ تعالیٰ نے اُن کی حفاظت کی ذمہ داری نہیں لی۔ اللہ تعالیٰ نے صرف قرآن مجید کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے کیونکہ یہ کتاب قیامت تک کے لیے نازل کی گئی ہے۔	

56	**Qur'an Majeed ki woh konsi aayat hai jisme Allah Ta'ala ne Qur'an Majeed ki hifazat ki zimmedari ka zikr kiya hai?**	**قرآن مجید کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالی نے قرآن مجید کی حفاظت کی ذمہ داری کا ذکر کیا ہے؟**	۵٦
	Allah Ta'ala farmata hai :	اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :	
إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْن			
	Tarjuma- Beshak hamne zikr (Qur'an Majeed) ko nazil kiya aur ham hi uski hifazat karne wale hai. (Al Hijr - 09)	ترجمہ۔ بے شک ہم نے ذکر (قرآن مجید) کو نازل کیا اور ہم ہی اُس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ (الحجر۔ ۰۹)	

57	**Qur'an Majeed kis liye nazil kiya gaya?**	**قرآن مجید کس لیے نازل کیا گیا؟**	۵۷
	Qur'an Majeed amal karne ke liye nazil kiya gaya hai.	قرآن مجید عمل کرنے کے لیے نازل کیا گیا ہے۔	

58	**Kya Qur'an Majeed marne walo ki taraf se padha ja sakta hai?**	**کیا قرآن مجید مرنے والوں کی طرف سے پڑھا جا سکتا ہے؟**	۴۸
	Ji nahi, khud padhne aur us par amal karne ke liye utaara gaya hai.	جی نہیں۔ خود پڑھنے اور اُس پر عمل کرنے کے لیے اُتارا گیا ہے۔	

59	**Sahih Hadees par amal karne ka kya huqm hai?**	**صحیح حدیث پر عمل کرنے کا کیا حکم ہے؟**	۵۹
	Sahih Hadees par amal karna wajib hai.	صحیح حدیث پر عمل کرنا واجب ہے۔	

60	**Bid'at kise kehte hai?**	**بدعت کسے کہتے ہیں؟**	٦٠
	Koi aisa kaam jo Qur'an wa Hadees se saabit naa ho aur usko deen wa sawab samajh kar kiya jaye.	کوئی ایسا کام جو قرآن و حدیث سے ثابت نہ ہو اور اس کو دین و ثواب سمجھ کر کیا جائے۔	

SEERATUN NABI INDEX
سيرة النبي

SEERATUN NABI سیرۃ النبی

MAKKI ZINDAGI مکی زندگ

PAIDAISH پیدائش

1	**Rasool Allah ﷺ ka naam kya hai?**	**رسول اللہ ﷺ کا نام کیا ہے؟**	١
	Rasool Allah ﷺ ka naam Muhammed ﷺ hai aur dusra naam Ahmed bhi hai.	رسول اللہ ﷺ کا نام محمد ﷺ ہے اور دوسرا نام احمد بھی ہے۔	

2	**Rasool Allah ﷺ ke walid aur walidah ka naam kya hai?**	**رسول اللہ ﷺ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے؟**	٢
	Rasool Allah ﷺ ke walid ka naam Abdullah bin Abdul Muttalib aur walidah ka naam Amina binte Wahab hai.	رسول اللہ ﷺ کے والد کا نام عبد اللہ بن عبد المطلب اور والدہ کا نام آمنہ بنت وہب ہے۔	

3	**Rasool Allah ﷺ ke walid ka inteqal kab hua?**	**رسول اللہ ﷺ کے والد کا انتقال کب ہوا؟**	٣
	Rasool Allah ﷺ ke walid ka inteqal us waqt hua jab Aap ﷺ apni walidah ke pait mein the.	رسول اللہ ﷺ کے والد کا انتقال اس وقت ہوا جب آپ ﷺ اپنی والدہ کے پیٹ میں تھے۔	

4	**Rasool Allah ﷺ ke dada ka naam kya hai?**	**رسول اللہ ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے؟**	٤
	Rasool Allah ﷺ ke dada ka naam Abdul Muttalib hai.	رسول اللہ ﷺ کے دادا کا نام عبد المطلب ہے۔	

5	**Rasool Allah ﷺ ke woh chacha jinhone Aap ﷺ ki kifalat ki, unka naam kya hai?**	**رسول اللہ ﷺ کے وہ چچا جنہوں نے آپ ﷺ کی کفالت کی، اُن کا نام کیا ہے؟**	٥
	Rasool Allah ﷺ ke woh chacha jinhone Aap ﷺ ki kifalat ki, unka	رسول اللہ ﷺ کے وہ چچا جنہوں نے آپ ﷺ کی کفالت کی اُن کا نام ابو طالب ہے۔	

	naam Abu Talib hai.		

6	**Rasool Allah ﷺ kab aur kaha paida hue?**	**رسول اللہ ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟**	٦
	Rasool Allah ﷺ 9 Rabiul awwal yani 20 April San 571 isvi, peer ke din, Makkah mein paida hue.	رسول اللہ ﷺ ۹ ربیع الاول یعنی ۲۰ اپریل سن ۵۷۱ ء، پیر کے دن، مکہ میں پیدا ہوئے۔	

7	**Rasool Allah ﷺ ka naam kisne rakha aur kya rakha?**	**رسول اللہ ﷺ کا نام کس نے رکھا اور کیا رکھا؟**	۷
	Rasool Allah ﷺ ka naam Aap ﷺ ke dada Abdul Muttalib ne Muhammad (ﷺ) rakha.	رسول اللہ ﷺ کا نام آپ کے دادا عبد المطلب نے محمد(ﷺ) رکھا	

8	**Rasool Allah ﷺ ki walidah ke inteqal ke waqt Aap ﷺ ki umar kya thi?**	**رسول اللہ ﷺ کی والدہ کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر کیا تھی؟**	۸
	6 saal.	چھ سال	

RAZA'AT, KIFALAT AUR SHADI رضاعت، کفالت اور شادی

9	**Rasool Allah ﷺ ki walidah ke baad sab se pehle Aap ﷺ ko kisne dudh pilaaya?**	**رسول اللہ ﷺ کی والدہ کے بعد سب سے پہلے آپ ﷺ کو کس نے دودھ پلایا؟**	۹
	Suvaibah ne jo Abu Lahab ki laundi thi.	ثُوَیبہ نے جو ابولہب کی لونڈی تھی۔	

10	**Suvaibah ke baad Rasool Allah ﷺ ko dudh pilaane aur tarbiyat ki zimmedari kisne sambhali?**	**ثویبہ کے بعد رسول اللہ ﷺ کو دودھ پلانے اور تربیت کی ذمہ داری کس نے سنبھالی؟**	۱۰
	Haleemah Sadiya ne.	حلیمہ سعدیہ نے۔	

11	**Rasool Allah ﷺ ke dada ke inteqal ke waqt Aap ﷺ ki umar**	**رسول اللہ ﷺ کے دادا کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر کیا تھی؟**	۱۱

	kya thi?		
	Rasool Allah ﷺ ke dada ke inteqal ke waqt Aap ﷺ ki umar 8 saal thi.	رسول اللہ ﷺ کے دادا کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر آٹھ سال تھی۔	

12	**Rasool Allah ﷺ ke dada Abdul Muttalib ke inteqal ke baad Aap ﷺ ki parwarish ki zimmedari kisne sambhali?**	**رسول اللہ ﷺ کے دادا عبد المطلب کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کی ذمہ داری کس نے سنبھالی؟**	١٢
	Aap ﷺ ke chacha Abu Talib ne.	آپ ﷺ کے چچا ابو طالب نے۔	

13	**Rasool Allah ﷺ ne bade hone ke baad konsa pesha ikhteyaar kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے بڑے ہونے کے بعد کون سا پیشہ اختیار کیا؟**	١٣
	Pehle Makkah walo ki bakriyan charaye, phir tijarat ka pesha ikhteyaar kiya.	پہلے مکہ والوں کی بکریاں چرائیں پھر تجارت کا پیشہ اختیار کیا۔	

14	**Quraish apni tijarat mein Aap ﷺ ko kyu shareek karte the?**	**قریش اپنی تجارت میں آپ ﷺ کو کیوں شریک کرتے تھے؟**	١٤
	Kyuke Aap ﷺ amanatdari aur diyanatdari mein mashhoor the.	کیونکہ آپ ﷺ امانت داری اور دیانت داری میں مشہور تھے۔	

15	**Makkah mein woh konsi khatoon thi jo bewa, aqalmand aur maaldaar thi?**	**مکہ میں وہ کونسی خاتون تھیں جو بیوہ عقل مند اور مالدار تھیں؟**	١٥
	Khadija رضی اللہ عنہا	خدیجہ رضی اللہ عنہا۔	

16	**Khadija رضی اللہ عنہا ka pesha kya tha?**	**خدیجہ رضی اللہ عنہا کا پیشہ کیا تھا؟**	١٦
	Tijarat - Tijarat ka samaan kisi amanatdar shakhs ke supurd karke Shaam aur Yemen bheja karti thi.	تجارت ۔ تجارت کا سامان کسی امانت دار شخص کے سپرد کر کے شام اور یمن بھیجا کرتی تھیں۔	

17	**Khadija رضی اللہ عنہا ne Rasool Allah ﷺ se kya darkhwast ki?**	**خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے کیا درخواست کی؟**	١٧
	Khadija رضی اللہ عنہا ne Rasool	خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ	

	Allah ﷺ se yeh darkhwast ki ke Aap ﷺ mere maal se tijarat kare jis qadar muavaza auro ko deti hu, aapko uska do gunah dungi.	سے یہ درخواست کی کہ آپ ﷺ میرے مال سے تجارت کریں جس قدر معاوضہ اوروں کو دیتی ہوں آپ کو اس کا دو گنا دوں گی۔	

18	**Rasool Allah ﷺ ki khubiyo aur buzurgiyo se mutasir hokar Khadija رضی اللہ عنہا ne kya paigaam bheja?**	**رسول اللہ ﷺ کی خوبیوں اور بزرگیوں سے متاثر ہو کر خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کیا پیغام بھیجا؟**	۱۸
	Nikah ka paigaam bheja.	نکاح کا پیغام بھیجا۔	

19	**Khadija رضی اللہ عنہا aur Rasool Allah ﷺ ki umar nikah ke waqt kitni thi?**	**خدیجہ رضی اللہ عنہا اور رسول اللہ ﷺ کی عمر نکاح کے وقت کتنی تھی؟**	۱۹
	Nikah ke waqt Khadija رضی اللہ عنہا ki umar 40 saal thi aur Rasool Allah ﷺ ki umar 25 saal thi.	نکاح کے وقت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر چالیس سال اور رسول اللہ ﷺ کی عمر پچیس سال تھی۔	

20	**Kya Arab mein logo ko aman naseeb tha?**	**کیا عرب میں لوگوں کو امن نصیب تھا؟**	۲۰
* * *	Arab mein logo ko aman naseeb nahi tha, balke raaste khatarnaak the. Raasto mein musafiro ko loot liya jata tha. Gareebo par zulm kiya jata tha.	عرب میں لوگوں کو امن نصیب نہیں تھا بلکہ راستے خطرناک تھے۔ راستوں میں مسافروں کو لوٹ لیا جاتا تھا۔ غریبوں پر ظلم کیا جاتا تھا۔	* * *

ISLAM SE PEHLE EHLE MAKKAH KE HAALAAT اسلام سے پہلے اہل مکہ کے حالات

21	**Kharabiyo ko dur karne ke liye Makkah ke nawjawaano ne kya raasta ikhtiyar kiya?**	**خرابیوں کو دور کرنے کے لیے مکہ کے نوجوانوں نے کیا راستہ اختیار کیا؟**	۲۱
	Makkah ke nawjawaano ne ek anjuman banayi jiska naam Halful Fudul rakha.	مکہ کے نوجوانوں نے ایک انجمن بنائی جس کا نام حلف الفضول رکھا۔	

22	**Kya us anjuman mein Rasool Allah ﷺ bhi shareek the?**	**کیا اس انجمن میں رسول اللہ ﷺ بھی شریک تھے؟**	۲۲
	Ji haan, anjuman mein Rasool Allah ﷺ bhi shareek the.	جی ہاں! اس انجمن میں رسول اللہ ﷺ بھی شریک تھے۔	

23	**Halful Fuzool mein kin baato ka iqraar liya gaya tha?**	**حلف الفضول میں کن باتوں کا اقرار لیا گیا تھا؟**	۲۳
	Halful Fuzool mein in baato ka iqraar liya gaya tha:-	حلف الفضول میں ان باتوں کا اقرار لیا گیا تھا۔	
A.	Ham mulk se badd amani dur karenge.	ہم ملک سے بدامنی دور کریں گے۔	۱
B.	Musafiro ki hifazat karenge.	مسافروں کی حفاظت کریں گے۔	۲
C	Gareebo ki madad karenge.	غریبوں کی مدد کریں گے۔	۳
D.	Aajizo par zulm na hone denge.	عاجزوں پر ظلم نہ ہونے دیں گے۔	٤

NUBUWAT نبوت

24	**Sabse pehle wahi kaha nazil hui?**	**سب سے پہلے وحی کہاں نازل ہوئی؟**	۲٤
	Sabse pehle wahi Gaar e Hira mein nazil hui.	سب سے پہلے وحی غار حرا میں نازل ہوئی۔	

25	**Gaar e Hira Makkah se kitni dur hai?**	**غار حرا مکہ سے کتنی دور ہے؟**	۲۵
	Gaar e Hira Makkah se taqreeban 4.5 kilo meter ki duri par waqay hai.	غار حرا مکہ سے تقریبًا ساڑھے چار کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔	

26	**Rasool Allah ﷺ ko nubuwat kis umar mein mili?**	**رسول اللہ ﷺ کو نبوت کس عمر میں ملی؟**	۲٦
	40 saal ki umar mein.	چالیس سال کی عمر میں۔	

27	**Rasool Allah ﷺ ke paas Gaar e Hira mein kon Allah ka paigaam laya?**	**رسول اللہ ﷺ کے پاس غار حرا میں کون اللہ کا پیغام لایا؟**	۲۷

	Rasool Allah ﷺ ke paas Gaar e Hira mein Jibreel علیہ السلام Allah ka paigaam laye.	رسول اللہ ﷺ کے پاس غار حرا میں جبرئیل علیہ السلام اللہ کا پیغام لائے۔	

28	**Allah ka pehla paigaam kya tha?**	**اللہ کا پہلا پیغام کیا تھا؟**	**۲۸**
	Allah ka pehla paigaam yeh tha:	**اللہ کا پہلا پیغام یہ تھا:**	
اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ			
	Padho: apne rab ke naam se jisne paida kiya**.**	پڑھو :اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔	
خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ			
	Usne paida kiya insaano ko khoon ke lothde se.	اس نے پیدا کیا انسانوں کو خون کے لوتھڑے سے۔	
اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ			
	Padho: Aur tumhara rab nihayat kareem hai.	پڑھو :اور تمہارا رب نہایت کریم ہے۔	
الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ			
	Jisne qalam ke zariye sikhaya.	جس نے قلم کے ذریعہ سکھایا۔	
عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ			
	Jisne insaan ko sikhaya jise woh na jaanta tha. **(Surah Alaq- 01-05)**	جس نے انسان کو سکھایا جیسے وہ نہ جانتا تھا۔	

29	**Kya Rasool Allah ﷺ likhna padhna jaante the?**	**کیا رسول اللہ ﷺ لکھنا پڑھنا جانتے تھے؟**	**۲۹**
	Nahi, Rasool Allah ﷺ likhna padhna nahi jaante the. Isliye Aap ﷺ ka laqab Ummi hai.	نہیں! رسول ﷺ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے اس لیے آپ ﷺ کا لقب اُمِّی ہے۔	

30	**Wahi nazil hone ke baad Rasool Allah ﷺ kaha aaye?**	**وحی نازل ہونے کے بعد رسول اللہ ﷺ کہاں آئے؟**	**۳۰**
	Sabse pehle Khadija رضی اللہ عنہا ke paas aaye.	سب سے پہلے خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے۔	

31	**Rasool Allah ﷺ ne Khadija رضی اللہ عنہا se kya kaha?**	**رسول اللہ ﷺ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کیا کہا؟**	۳۱
	Main aisa waqiaat dekh raha hu jinse mujhe apni jaan ka khatra hai.	میں ایسے واقعات دیکھ رہا ہوں جن سے مجھے اپنی جان کا خطرہ ہے۔	

32	**Khadija رضی اللہ عنہا ne Rasool Allah ﷺ ko kis tarah itminaan dilaya?**	**خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کو کس طرح اطمینان دلایا؟**	۳۲
 * * * * *	Khadija رضی اللہ عنہا ne kaha: Allah Aap ﷺ ko hargiz zaaya na hone dega is liye ke aap sadaqah wa khairaat karte hai. Bewao, yateemo aur gareebo ki madad karte hai. Mehmaano ki khatirdari karte hai. Logo ka bojh uthaate hai. Museebatzado se hamdardi karte hai.	خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اللہ آپ ﷺ کو ہرگز ضائع نہ ہونے دے گا اس لیے کہ آپ صدقہ و خیرات کرتے ہیں۔ بیواؤں، یتیموں اور غریبوں کی مدد کرتے ہیں۔ مہمانوں کی خاطر داری کرتے ہیں۔ لوگوں کا بوجھ اُٹھاتے ہیں۔ مصیبت زدوں سے ہمدردی کرتے ہیں۔	 * * * * *

33	**Sabse pehle Islam lane wale kon log hai?**	**سب سے پہلے اسلام لانے والے کون لوگ ہیں؟**	۳۳
* * * *	Aurto mein Khadija رضی اللہ عنہا Bado mein Aap ﷺ ke dost Abu Bakr Siddiq رضی اللہ عنہ Baccho mein Ali رضی اللہ عنہ Gulaamo mein Zaid رضی اللہ عنہ	عورتوں میں خدیجہ رضی اللہ عنہا۔ بڑوں میں آپ ﷺ کے دوست ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ بچوں میں علی رضی اللہ عنہ۔ غلاموں میں زید رضی اللہ عنہ۔	* * * *

PAHADI KA WA'AZ پہاڑی کا وعظ

34	**Rasool Allah ﷺ ne logo ke saamne sabse pehle kaha taqreer ki?**	**رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے سامنے سب سے پہلے کہاں تقریر کی؟**	۳۴

	Safa ki pahadi par.	صفا کی پہاڑی پر۔	

35	**Rasool Allah ﷺ ne Ehle Makkah ko kya paigaam sunaya?**	**رسول اللہ ﷺ نے اہل مکہ کو کیا پیغام سنایا؟**	۳۵
	Rasool Allah ﷺ ne Ehle Makkah se kaha:- "Main tumhe ek sakt azaab se khabardar karne ke liye bheja gaya hu, lehaza apne aap ko Jahannum ke azaab se bachao. Huqm e Ilahi ke saamne main tumhare kisi kaam nahi aaunga."	رسول اللہ ﷺ نے اہل مکہ سے کہا: "میں تمہیں ایک سخت عذاب سے خبر دار کرنے کے لیے بھیجا گیا ہوں، لہذا اپنے آپ کو جہنم کے عذاب سے بچاؤ حکم الٰہی کے سامنے میں تمہارے کسی کام نہیں آوں گا۔"	

36	**Allah ke paigaam ko sunne ke baad Makkah walo ne Rasool Allah ﷺ ke saath kya sulook kiya?**	**اللہ کے پیغام کو سننے کے بعد مکہ والوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟**	۳۶
* * * *	Makkah wale Aap ﷺ ke khilaf ho gaye. Raaste mein kaante bichane lage. Ghar ke darwaze par gandhi cheezein phenkna shuru kar diya. Mukhtalif tarah ki taklife dene lage.	مکہ والے آپ ﷺ کے خلاف ہو گئے۔ راستے میں کانٹے بچھانے لگے۔ گھر کے دروازے پر گندی چیز میں پھینکنا شروع کر دیا۔ مختلف طرح کی تکلیفیں دینے لگے۔	* * * *

37	**Kya Rasool Allah ﷺ ke chacha Abu Talib ne bhi Islam qubool kiya?**	**کیا رسول اللہ ﷺ کے چچا ابو طالب نے بھی اسلام قبول کیا؟**	۳۷
	Ji nahi, Rasool Allah ﷺ ke chacha Abu Talib ne Islam qubool nahi kiya.	جی نہیں۔ رسول اللہ ﷺ کے چچا ابو طالب نے اسلام قبول نہیں کیا۔	

38	**Mushrikeen e Makkah ke kehne par Rasool Allah ﷺ ke chacha ne Aap ﷺ ko Islam ki tabligh se ruk jaane ke liye kaha, Toh is par**	**مشرکین مکہ کے کہنے پر رسول اللہ ﷺ کے چچا آپ ﷺ کو اسلام کی تبلیغ سے رک جانے کے لیے کہا تو اس پر رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا؟**	۳۸

	Rasool Allah ﷺ ne kya farmaya?		
	Rasool Allah ﷺ ne farmaya:- Chacha Jaan! Allah ki qasam agar yeh log mere daayne haath par suraj aur baaye haath par chaand rakh de, tab bhi main is kaam se baaz nahi aaunga.	رسول اللہ ﷺ سلیم نے فرمایا: چچا جان! اللہ کی قسم اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند رکھ دیں تب بھی میں اس کام سے باز نہیں آؤں گا۔	

TAKAALIF AUR SAZAEIN تکالیف اور سزائیں

39	**Rasool Allah ﷺ ke sabse bade dushman kon kon the?**	**رسول اللہ ﷺ سب سے بڑے دشمن کون کون تھے؟**	٢٩
	Abu Jahal aur Abu Lahab.	ابو جہل اور ابولہب۔	

40	**Abu Lahab ka sulook Aap ﷺ ke saath kaisa tha?**	**ابولہب کا سلوک آپ ﷺ کے ساتھ کیسا تھا؟**	
	Abu Lahab pehle hi din se Aap ﷺ ka dushman tha aur taklif pohochane ki har mumkin koshish karta tha.	ابو لہب پہلے ہی دن سے آپ ﷺ کا دشمن تھا اور تکلیف پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتا تھا۔	

41	**Rasool Allah ﷺ ki betiyan Ruqaiyah aur Umme Kulsum ka nikah kis kis ke saath hua tha?**	**رسول اللہ ﷺ کی بیٹیاں رقیہ اور ام کلثوم کا نکاح کس کس کے ساتھ ہوا تھا؟**	٤١
	Abu Lahab ke bete Utbah ka nikah Ruqaiyah aur Utaybah ka nikah Umme Kulsum se hua tha.	ابولہب کے بیٹے عتبہ کا نکاح رقیہ اور عتیبہ کا نکاح ام کلثوم سے ہوا تھا۔	

42	**Rasool Allah ﷺ ki dono sahabzadiyo ke saath Abu Lahab aur uski biwi ne kya sulook kiya?**	**رسول اللہ ﷺ کی دونوں صاحبزادیوں کے ساتھ ابولہب اور اس کی بیوی نے کیا سلوک کیا؟**	٤٢
	Abu Lahab aur uski biwi ne apne dono beto se talaaq dilwa di.	ابولہب اور اس کی بیوی نے اپنے دونوں بیٹوں سے طلاق دلوا دی۔	

43	**Abu Lahab ki biwi ka sulook Rasool Allah ﷺ ke saath kaisa tha?**	**ابولہب کی بیوی کا سلوک رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کیسا تھا؟**	٤٣
	Abu Lahab ki biwi Umme Jameel Arwa Rasool Allah ﷺ ki kattar dushman thi, raat ke waqt woh kaatedar daaliya la kar Rasool Allah ﷺ ke raaste mein daal deti thi taake Aap ﷺ aur Aap ﷺ ke saathi zakhmi ho jaye.	ابولہب کی بیوی ام جمیل اروی رسول اللہ ﷺ کی کٹر دشمن تھی ، رات کے وقت وہ کانٹے دار ڈالیاں لا کر رسول اللہ ﷺ کے راستے میں ڈال دیتی تھی تا کہ آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھی زخمی ہو جائیں۔	

44	**Kya Abu Lahab aur uski biwi ke silsile mein Allah Ta'ala ne koi surat nazil farmayi hai?**	**کیا ابولہب اور اس کی بیوی کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے کوئی سورت نازل فرمائی ہے؟**	٤٤
	Ji haan, Surah Al Lahab (Al Masad) jisme Abu Lahab aur uski biwi ka zikar hai.	جی ہاں! سورۃ اللھب (المسد) جس میں ابولہب اور اس کی بیوی کا ذکر ہے۔	

HABSHA KI TARAF HIJRAT حبشہ کی طرف ہجرت

45	**Musalman Makkah walo ke zulm wa sitam se ghabra kar kaha hijrat kar gaye?**	**مسلمان مکہ والوں کے ظلم و ستم سے گھبرا کر کہاں ہجرت کر گئے؟**	٤٥
	Mulk e Habsha, jo aaj kal "Ithiopia" ke naam se mashhoor hai.	ملک حبشہ، جو آج کل "ایتھوپیا" کے نام سے مشہور ہے۔	

46	**Us waqt Habsha ka badshah kon tha?**	**اُس وقت حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟**	٤٦
	Habsha ka badshah ek isaai tha jiska naam "Najashi" tha.	حبشہ کا بادشاہ ایک عیسائی تھا جس کا نام "نجاشی" تھا۔	

47	**Najashi badshah ka mazhab kya tha? Kya usne Islam qubool kiya?**	**نجاشی بادشاہ کا مذہب کیا تھا ؟ کیا اس نے اسلام قبول کیا؟**	٤٧

	Najashi badshah ek isaai tha aur musalmano ke Habsha pohoch ne ke baad usne Islam qubool kar liya.	نجاشی بادشاہ ایک عیسائی تھا اور مسلمانوں کے حبشہ پہنچنے کے بعد اس نے اسلام قبول کر لیا۔	

48	**Ehle Makkah ke namaaindah ne musalmano ke silsile mein Najashi badshah se kya shikayat ki?**	**اہلِ مکہ کے نمائندہ نے مسلمانوں کے سلسلہ میں نجاشی بادشاہ سے کیا شکایت کی؟**	٤٨
	Ehle Makkah ke namaaindah ne Najashi badshah se kaha: “In logo ne apni qaum ka deen chodh diya hai aur na hi aapke deen mein dakhil hue hai. Balke ek naya deen ijaat kiya hai.”	اہل مکہ کے نمائندہ نے نجاشی بادشاہ سے کہا: "ان لوگوں نے اپنی قوم کا دین چھوڑ دیا ہے اور نہ ہی آپ کے دین میں داخل ہوئے ہیں۔ بلکہ ایک نیا دین ایجاد کیا ہے"۔	

49	**Quraish walo ki shikayat par musalmano ki taraf se kisne Najashi ke darbar mein taqreer ki aur unhone apni taqreer mein kya kaha?**	**قریش والوں کی شکایت پر مسلمانوں کی طرف سے کس نے نجاشی کے دربار میں تقریر کی اور انہوں نے اپنی تقریر میں کیا فرمایا؟**	٤٩
	Musalmano ki taraf se Jafar bin Abi Talib رضی اللہ عنہ ne Najashi ke darbar mein taqreer ki jisme Islam ki khubiya bayaan ki aur "Surah Maryam" ki ibtidai aayatein tilawat ki.	مسلمانوں کی طرف سے جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے نجاشی کے دربار میں تقریر کی جس میں اسلام کی خوبیاں بیان کیں اور سورہ مریم کی ابتدائی آیتیں تلاوت کیں۔	

50	**Najashi badshah ne jab "Surah Maryam" ki aayatein suni toh kya kaha?**	**نجاشی بادشاہ نے جب سورہ مریم کی آیتیں سنیں تو کیا کہا؟**	٥٠
	Yeh aur Isa علیہ السلام ka kalaam ek hi hai aur ek hi shamedaan se nikli hui hai.	یہ اور عیسیٰ علیہ السلام کا کلام ایک ہی ہے اور ایک ہی شمع دان سے نکلے ہوئے ہیں۔	

51	**Jab Najashi badshah ne Habsha mein musalmano ki hifazat ki zimmedari li toh mushrikeen Rasool Allah ﷺ aur musalmano ke saath kaisa bartaw karne lage?**	**جب نجاشی بادشاہ نے حبشہ میں مسلمانوں کی حفاظت کی ذمہ داری لی تو مشرکین رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنے لگے؟**	٥١
	Mushrikeen e Makkah Rasool Allah ﷺ aur musalmano ko tarah tarah ki taklife dene lage aur unke khilaf khatarnak sazishe karne lage.	مشرکین مکہ رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کو طرح طرح کی تکلیفیں دینے لگے اور ان کے خلاف خطر ناک سازشیں کرنے لگے۔	

QURAISH KE DOJABAAZ قریش کے دو جاں باز

52	**Quraish ke woh konse dojabaaz aur sarfarosh hai jinke Islam qubool karne se musalmano ko badi quwwat mili?**	**قریش کے وہ کون سے دو جاں باز اور سرفروش ہیں جن کے اسلام قبول کرنے سے مسلمانوں کو بڑی قوت ملی؟**	٥٢
	Ek Rasool Allah ﷺ ke chacha "Hamza bin Abdul Muttalib رضی اللہ عنہ" aur dusre "Umar bin Al Khattab رضی اللہ عنہ" , jinke Islam qubool karne se musalmano ko badi quwwat mili.	ایک رسول اللہ ﷺ کے چچا "حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ" اور دوسرے "عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ" جن کے اسلام قبول کرنے سے مسلمانوں کو بڑی قوت ملی۔	

BOYCOTT بائیکاٹ

53	**Quraish ne Rasool Allah ﷺ aur Banu Hashim ke saath kya bartaw kiya?**	**قریش نے رسول اللہ ﷺ اور بنو ہاشم کے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟**	٥٣
	Quraish ne Rasool Allah ﷺ aur Banu Hashim ke saath boycott ka aylaan kiya.	قریش نے رسول اللہ ﷺ اور بنو ہاشم کے ساتھ بائیکاٹ کا اعلان کیا۔	

54	**Quraish ne boycott ka aylaan kis tarah kiya?**	**قریش نے بائیکاٹ کا اعلان کس طرح کیا؟**	٥٤

	Quraish ne boycott is tarah kiya ke ek sahifa (mu'aahidah) likh kar Baitullah mein latka diya.	قریش نے بائیکاٹ اس طرح کیا کہ ایک صحیفہ (معاہدہ) لکھ کر بیت اللہ میں لٹکا دیا۔	

55	**Us sahife mein kya likha gaya tha?**	**اس صحیفہ میں کیا لکھا گیا تھا؟**	**۵۵**
* * *	Sahife mein yeh likha gaya tha: Rasool Allah ﷺ ke tamaam ristedaro se Meljol chodh do. Unhe gali kucho mein pherne na do. Koi cheez unke haath na becho.	صحیفہ میں یہ لکھا گیا تھا: رسول اللہ ﷺ کے تمام رشتہ داروں سے میل جول چھوڑ دو۔ اُنہیں گلی کوچوں میں پھر نے نہ دو۔ کوئی چیز ان کے ہاتھ نہ بیچو۔	 * * *

56	**Mu'aahidah (Sahifa) kisne likha tha aur Rasool Allah ﷺ ki baddua par uska kya haal hua?**	**معاہدہ (صحیفہ) کس نے لکھا تھا اور رسول اللہ ﷺ کی بد دعا پر اُس کا کیا حال ہوا؟**	**۵٦**
	Sahifa Bagheed bin Aamir ne likha tha aur Rasool Allah ﷺ ne uske liye baddua ki jiski wajah se uski ungliya shal ho gayi.	صحیفہ بغیض بن عامر نے لکھا تھا اور رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے بددعا کی جس کی وجہ سے اس کی انگلیاں شل ہوگئیں۔	

57	**Boycott ke baad Banu Hashim aur Rasool Allah ﷺ kaha simatt aaye?**	**بائیکاٹ کے بعد بنو ہاشم اور رسول اللہ ﷺ کہا سمٹ آئے؟**	**۵۷**
	Banu Hashim aur Banu Abdul Muttalib, khwa muslim ho ya kafir, Sha'ab Abi Talib (Ghaati) mein samett aaye.	بنو ہاشم اور بنوعبد المطلب خواہ مسلم ہوں یا کافر، شعب ابی طالب (گھاٹی) میں سمٹ آئے۔	

58	**Banu Hashim boycott ke dauran apni bhook kis tarah mitate the?**	**بنو ہاشم بائیکاٹ کے دوران اپنی بھوک کس طرح مٹاتے تھے؟**	**۵۸**
	Woh darakhto ke patte aur chamda kha kar apni bhook mitate the.	وہ درختوں کے پتے اور چمڑا کھا کر اپنی بھوک مٹاتے تھے۔	

59	**Rasool Allah ﷺ aur unke khandaan ke saath kitna arsa boycott raha?**	**رسول اللہ ﷺ اور ان کے خاندان کے ساتھ کتنا عرصہ بائیکاٹ رہا؟**	۵۹
	3 saal tak.	تین سال تک۔	

60	**Sahifa kis tarah chaak hua?**	**صحیفہ کس طرح چاک ہوا؟**	۶۰
	Allah Ta'ala ne 5 ashraaf Quraish ke dilo mein baat daali ke woh sahifa chaak kar ke boycott ko khatm karde. Aur dusri taraf deemak ne Allah سبحانہ وتعالی ke naam ke alava jo kuch likha tha, sab chaat liya.	اللہ تعالیٰ نے پانچ اشراف قریش کے دلوں میں بات ڈالی کہ وہ صحیفہ چاک کر کے بائیکاٹ کو ختم کر دیں۔ اور دوسری طرف دیمک نے اللہ سبحانہ وتعالی کے نام کے علاوہ جو کچھ لکھا تھا سب چاٹ لیا۔	

GAM KA SAAL غم کا سال

61	**Rasool Allah ﷺ ke chacha Abu Talib ka inteqal kab hua?**	**رسول اللہ ﷺ کے چچا ابو طالب کا انتقال کب ہوا؟**	۶۱
	Nubuwat ke daswe saal sha'ab Abi Talib se nikalne ke 6 ya 8 mahine baad.	نبوت کے دسویں سال ۔ شعب ابی طالب سے نکلنے کے چھ یا آٹھ مہینے بعد۔	

62	**Abu Talib ke inteqal ke baad kiska inteqal hua?**	**ابو طالب کے انتقال کے بعد کس کا انتقال ہوا؟**	۶۲
	Abu Talib ke inteqal ke 2 ya 3 mahine baad Khadija رضی اللہ عنہا ka inteqal hua.	ابو طالب کے انتقال کے دو یا تین مہینے بعد خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا۔	

63	**Khadija رضی اللہ عنہا ke inteqal ke baad Rasool Allah ﷺ ne kis se shaadi ki?**	**خدیجہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کس سے شادی کی؟**	۶۳
	Pehle Sawdah رضی اللہ عنہا se aur phir baad mein Aisha رضی اللہ عنہا se shaadi ki.	پہلے سودہ رضی اللہ عنہا سے اور پھر بعد میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی۔	

TAIF KA SAFAR طائف کا سفر

64	**Rasool Allah ﷺ ne Makkah se bahar sabse pehle kis sheher mein Deen e Islam ki daawat di?**	**رسول اللہ ﷺ نے مکہ سے باہر سب سے پہلے کسی شہر میں دین اسلام کی دعوت دی؟**	٦٤
	Taif mein.	طائف میں۔	

65	**Taif kaha waqay hai?**	**طائف کہاں واقع ہے؟**	٦٥
	Taif Makkah se takreeban 40 mil dur yani 65 kilometer ki duri par waqay hai.	طائف مکہ سے تقریباً ٤٠ میل یعنی ٦٥ کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔	

66	**Taif ke logo ne Aap ﷺ ka istaqbal kis tarah kiya?**	**طائف کے لوگوں نے آپ ﷺ کا استقبال کس طرح کیا؟**	٦٦
	Rasool Allah ﷺ ki daawat ko qubool karne ki bajaye unhone Aap ﷺ ko gaaliya di. Aap ﷺ par patthar barsaye, jisse Aap ﷺ ka jism lahu lahaan ho gaya aur khoonrez kar Aap ﷺ ke joote mein jamne laga tha.	رسول اللہ ﷺ کی دعوت کو قبول کرنے کی بجائے انہوں نے آپ ﷺ کو گالیاں دیں۔ آپ ﷺ پر پتھر بارسائے جس سے آپ ﷺ کا جسم لہولہان ہو گیا اور خون ریس کر آپ ﷺ کے جوتے میں جمنے لگا تھا۔	

67	**Taif se lautte waqt Jibreel علیہ السلام ne Rasool Allah ﷺ se kya farmaya?**	**طائف سے لوٹتے وقت جبرئیل علیہ السلام نے رسول اللہ ﷺ سے کیا فرمایا؟**	٦٧
	"Mere saath pahado ka farishta hai. Aap ﷺ usey jo huqm dena chahe de."	"میرے ساتھ پہاڑوں کا فرشتہ ہے آپ ﷺ اُسے جو حکم دینا چاہیں دیں۔"	

68	**Pahado ke farishte ne Rasool Allah ﷺ se kya kaha?**	**پہاڑوں کے فرشتے نے رسول اللہ ﷺ سے کیا کہا؟**	٦٨
	Pehle salam kiya aur kaha: "Agar aap chahe toh do pahado ke darmiyan Taif walo ko kuchal du."	پہلے سلام کیا اور کہا: "اگر آپ چاہیں تو دو پہاڑوں کے درمیان طائف والوں کو کچل دوں۔"	

69	**Rasool Allah ﷺ ne pahado ke farishte se kya kaha?**	**رسول اللہ ﷺ نے پہاڑوں کے فرشتے سے کیا کہا؟**	٦٩
	"Nahi, mujhe umeed hai ke Allah Ta'ala unki pusht se aisi nasal paida karega jo sirf ek Allah ki ibaadat karegi aur uske saath kisi ko shareek nahi theherayegi."	"نہیں۔ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالی اُن کی پشت سے ایسی نسل پیدا کرے گا جو صرف ایک اللہ کی عبادت کرے گی اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائے گی۔"	

70	**Taif se waapsi ke waqt aur konsa waqiah pesh aaya?**	**طائف سے واپسی کے وقت اور کونسا واقعہ پیش آیا؟**	٧٠
	Jino ki ek jamaat ne Aap ﷺ ko namaz ki haalat mein Qur'an Majeed ki tilawat karte hue suna aur Islam qubool kiya.	جنوں کی ایک جماعت نے آپ ﷺ کو نماز کی حالت میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے سنا اور اسلام قبول کیا۔	

ME'RAJ معراج

71	**Rasool Allah ﷺ ko Meraj kab hui?**	**رسول اللہ ﷺ کو معراج کب ہوئی**	٧١
	Nubuwat ke daswe saal hijrat se pehle.	نبوت کے دسویں سال ہجرت سے پہلے۔	

72	**Isra' aur Meraj ka kya matlab hai?**	**اسراء اور معراج کا کیا مطلب ہے؟**	٧٢
	Isra' ka matlab: Raato raat Rasool Allah ﷺ ka Makkah se Baitul Muqaddas tashreef le jana. Meraj ka matlab: Rasool Allah ﷺ ka Aalam bala yani asmaano par tashreef le jana.	اسراء کا مطلب: راتوں رات رسول اللہ ﷺ کا مکہ سے بیت المقدس تشریف لے جانا۔ معراج کا مطلب: رسول اللہ ﷺ کا عالم بالا یعنی آسمانوں پر تشریف لے جانا۔	

73	**Isra' aur Meraj mein kya hua?**	**اسراء اور معراج میں کیا ہوا؟**	٧٣
	Allah ke huqm se Jibreel علیه السلام	اللہ کے حکم سے جبرئیل علیہ السلام نے	

	ne ek hi raat mein Rasool Allah ﷺ ko Makkah se Baitul Muqaddas le gaye aur 7 asmaano ka safar tay kiya, nez jannat wa dozakh ki sair karwayi.	ایک ہی رات میں رسول اللہ ﷺ کو مکہ سے بیت المقدس لے گئے اور ساتوں آسمانوں کا سفر طے کیا نیز جنت و دوزخ کی سیر کرائی۔	

74	**5 waqt ki namazein kab farz hui?**	**پانچ وقت کی نمازیں کب فرض ہو ئیں؟**	۷۴
	5 waqt ki namazein Meraj ke waqt hi farz hui.	پانچ وقت کی نماز میں معراج کے وقت ہی فرض ہو ئیں۔	

75	**Isra' aur Meraj ke silsile mein Abu Bakr رضی اللہ عنہ ka kya mauqif raha?**	**اسراء اور معراج کے سلسلہ میں ابو بکر رضی اللہ عنہ کا کیا موقف رہا؟**	۷۵
	Abu Bakr رضی اللہ عنہ ne Meraj ke waqiye ko sunte hi tasdeeq farmayi, isliye Rasool Allah ﷺ ne Aap ko "Siddiq" ka laqab diya.	ابو بکر رضی اللہ عنہ نے معراج کے واقعہ کو سنتے ہی تصدیق فرمائی اسی لیے رسول اللہ ﷺ نے آپ کو صدیق کا لقب دیا۔	

Madinah ME DAAWAT مدینہ میں دعوت

76	**Madinah mein Rasool Allah ﷺ ki daawat kab pohochi?**	**مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کی دعوت کب پہنچی؟**	۷۶
	Nubuwat ke 11 saal.	نبوت کے گیارھویں سال۔	

77	**Madinah mein daawat kaise pohochi?**	**مدینہ میں دعوت کیسے پہنچی؟**	۷۷
	Madinah se chand afraad Hajj ke liye Makkah aaye, us waqt Rasool Allah ﷺ ne unko Islam ki daawat pesh ki aur unhone Deen e Islam qubool kar liya.	مدینہ سے چند افراد حج کے لیے مکہ آئے، اُس وقت رسول اللہ ﷺ نے اُن کو اسلام کی دعوت پیش کی اور اُنہوں نے دین اسلام قبول کر لیا۔	

78	**Madinah mein Islam ki daawat ko phailane ke silsile mein Madinah ke logo se Aap ﷺ ne kab ba'it li?**	**مدینہ میں اسلام کی دعوت کو پھیلانے کے سلسلہ میں مدینہ کے لوگوں سے آپ ﷺ نے کب بیعت لی؟**	۷۸

	San 12 Nubuwat mein 12 afraad se ba'it li, jisko Ba'it Uqbah Ula kehte hai.	سن ۱۲ نبوت میں بارہ افراد سے بیعت لی، جس کو بیعت عقبہ اولیٰ کہتے ہیں۔	

79	**Madinah mein Islam ki daawat pohochane ke liye Rasool Allah ﷺ ne Muallim bana kar kise rawaana kiya?**	**مدینہ میں اسلام کی دعوت پہنچانے کے لیے رسول اللہ ﷺ نے معلم بنا کر کسے روانہ کیا؟**	**۷۹**
	Mus'ab bin Umair رضی اللہ عنہ ko muallim bana kar Madinah ki taraf rawaana kiya.	مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو معلم بنا کر مدینہ کی طرف روانہ کیا۔	

80	**Madinah ke musalmano se dusra mu'aahidah kab hua aur yeh mu'aahidah kis naam se mashhoor hua?**	**مدینہ کے مسلمانوں سے دوسرا معاہدہ کب ہوا اور یہ معاہدہ کسی نام سے مشہور ہے؟**	**۸۰**
	Mosam e Hajj San 13 Nubuwat mein hijrat se 4 mahine pehle hua aur yeh mu'aahidah Uqbah Saniyah ke naam se mashhoor hai.	موسمِ حج سن ۱۳نبوت میں ہجرت سے چار مہینے پہلے ہوا اور یہ معاہدہ بیعت عقبہ ثانیہ کے نام سے مشہور ہے۔	

81	**Rasool Allah ﷺ ne Madinah walo se kya ehed liya?**	**رسول اللہ ﷺ نے مدینہ والوں سے کیا عہد لیا؟**	**۸۱**
 * * * *	Rasool Allah ﷺ ne Madinah walo se yeh ehed liya: Ek Allah ki ibaadat karoge aur uske saath kisi ko shareek nahi karoge. Chusti aur susti har haal mein baat sunoge aur manoge. Tangi aur khushhali har do mawqo par maal kharch karoge. Bhalayi ka huqm doge aur buraai se rokoge.	رسول اللہ ﷺ نے مدینہ والوں سے یہ عہد لیا: بھلائی کا حکم دو گے اور برائی سے روکو گے۔ ایک اللہ کی عبادت کرو گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرو گے۔ چستی اور سستی ہر حال میں بات سنو گے اور مانو گے۔ تنگی اور خوشحالی ہر دو موقعوں پر مال خرچ کرو گے۔	 * * * *

82	**Madinah ke musalmano ka talluq kis qabile se tha?**	**مدینہ کے مسلمانوں کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟**	۸۲
	Musalmano ka talluq Madinah ke 2 mashhoor qabile Aws wa Khazraj se tha.	مسلمانوں کا تعلق مدینہ کے دو مشہور قبیلے اوس و خزرج سے تھا۔	

83	**Rasool Allah ﷺ ne Madinah ke musalmano ko konsa laqab diya?**	**رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے مسلمانوں کو کونسا لقب دیا؟**	۸۳
	Ansar.	انصار۔	

84	**Hijrat karne wale ko kya kehte hai?**	**ہجرت کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟**	۸٤
	Muhajir.	مہاجر۔	

85	**Rasool Allah ﷺ ne nubuwat milne ke baad kitne saal Makkah mein daawat wa tabligh ka kaam kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے نبوت ملنے کے بعد کتنے سال مکہ میں دعوت تبلیغ کا کام کیا؟**	۸۵
	13 saal.	۱۳سال۔	

HIJRAT ہجرت

86	**Quraish ki parliament (jaha baith kar woh mashwara kiya karte the) ka kya naam tha?**	**قریش کی پارلیمنٹ (جہاں بیٹھ کر وہ مشورہ کیا کرتے تھے) کا کیا نام تھا؟**	۸٦
	Darun Nadwah.	دَارُ النَّدوَہ۔	

87	**Musalman jab Madinah ki taraf hijrat karne lage toh Mushrikeen e Makkah kin kin cheezo ke liye khatra mehsoos karne lage the?**	**مسلمان جب مدینہ کی طرف ہجرت کرنے لگے تو مشرکین مکہ کن کن چیزوں کے لئے خطرہ محسوس کرنے لگے تھے؟**	۸۷
  * *	Mushrikeen 3 cheezo ke liye khatra mehsoos karne lage the - Apne deen ke liye. Apni tijarat ke liye.	مشرکین تین چیزوں کے لیے خطرہ محسوس کرنے لگے تھے۔ اپنے دین کے لیے۔ اپنی تجارت کے لیے۔	 * *

*	Apne wajood ke liye.	اپنے وجود کے لیے ۔	*

88	**Mushrikeen e Makkah ne jab khatra mehsoos kiya toh kya kiya?**	**مشرکین مکہ نے جب خطرہ محسوس کیا تو کیا کیا؟**	۸۸
	Ek hungami meeting bulwayi jisme khatraat ko taalne ka mansuba banaya gaya.	ایک ہنگامی میٹنگ بلوائی جس میں خطرات کو ٹالنے کا منصوبہ بنایا گیا۔	

89	**Us meeting mein kon kon shareek hue?**	**اس میٹنگ میں کون کون شریک ہوئے؟**	۸۹
	Mushrikeen ke bade bade sardar aur Shaytan ka sardar Iblees bhi ek budhe najdi ki shakal mein ijazat lekar shareek hua.	مشرکین کے بڑے بڑے سردار اور شیطان کا سردار ابلیس بھی ایک بوڑھے نجدی کی شکل میں اجازت لے کر شریک ہوا۔	

90	**Yeh meeting kab mun'aqid hui?**	**یہ میٹنگ کب منعقد ہوئی؟**	۹۰
	Bait Uqbah Saniyah ke takreeban 2.5 mahine baad, 24 Safar, San 14 Nubuwat, Jumeraat ke din.	بیعت عقبہ ثانیہ کے تقریباً ڈھائی مہینہ بعد، ۲٤ صفر، سن ۱٤ نبوت، جمعرات کے دن۔	

91	**Rasool Allah ﷺ ko qatal karne ke liye kitni tajaveez pesh ki gayi?**	**رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنے کے لیے کتنی تجاویز پیش کی گئیں؟**	۹۱
	Teen.	تین۔	

92	**Pehli tajveez kya thi aur kisne pesh ki?**	**پہلی تجویز کیا تھی اور کس نے پیش کی؟**	۹۲
	Pehli tajveez Abul Aswad ne pesh ki aur woh yeh thi ke Rasool Allah ﷺ ko apne darmiyan se nikaal de, yani unhe jilaavatan kare.	پہلی تجویز ابوالا سؤد نے پیش کی اور وہ یہ تھی کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنے درمیان سے نکال دیں یعنی انہیں جلا وطن کر دیں۔	

93	**Pehli tajveez ko kisne radd kiya?**	**پہلی تجویز کو کس نے رد کیا؟**	۹۳
	Shaitan ke sardar Iblees ne radd	شیطان کے سردار ابلیس نے رد کیا اور	

	kiya aur usne mashwara diya ke jilaavatan karna munasib nahi hai kyuke uske bol itne meethe hai jisse woh logo ke dilo ko jeet lega.	اس نے مشورہ دیا کہ جلا وطن کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ اس کے بول اتنے میٹھے ہیں جس سے وہ لوگوں کے دلوں کو جیت لے گا۔	

94	**Dusri tajveez kya thi aur kisne pesh ki?**	**دوسری تجویز کیا تھی اور کس نے پیش کی؟**	**۹۴**
	Dusri tajveez Abul Bakhtari ne pesh ki aur kaha: "Usey lohe ki bediyo mein jakadh do aur bahar se darwaza band kardo aur uski maut ka intezar karo".	دوسری تجویز ابوالبختری نے پیش کی اور کہا : "اسے لوہے کی بیڑیوں میں جکڑ دو اور باہر سے دروازہ بند کر دو اور اس کی موت کا انتظار کرو۔"	

95	**Kya dusri tajveez qubool ki gayi?**	**کیا دوسری تجویز قبول کی گئی؟**	**۹۵**
	Ji nahi, is martaba bhi Iblees ne kaha: “Band darwaze tak uske saathi pohoch jayenge aur tum par dahawa bol kar usey chudha le jayenge.”	جی نہیں، اس مرتبہ بھی ابلیس نے کہا: "بند دروازے تک اس کے ساتھی پہنچ جائیں گے اور تم پر دھاوا بول کر اسے چھڑا لے جائیں گے۔"	

96	**Teesri tajveez kya thi aur kisne pesh ki?**	**تیسری تجویز کیا تھی اور کس نے پیش کی؟**	**۹۶**
	Teesri tajveez Abu Jahl ne pesh ki aur kaha: “Ham mein se har qabile ka ek ek fard jo taaqatwar aur sahibe nasab ho, chuna jaye aur har ek ke paas ek tez talwaar ho aur sab mil kar bek waqt Rasool Allah ﷺ par hamla karde jisse khoon saare qaba'il mein batt jayega aur Bani Hashim kuch nahi kar sakenge, saare qaba'il baad mein diyyat de denge.”	تیسری تجویز ابو جہل نے پیش کی اور کہا: " ہم میں سے ہر قبیلہ کا ایک ایک فرد جو طاقتور اور صاحبِ نسب ہو، چنا جائے اور ہر ایک کے پاس ایک تیز تلوار ہوا اور سب مل کر بیک وقت رسول اللہ ﷺ پر حملہ کر دیں جس سے خون سارے قبائل میں بٹ جائے گا اور بنی ہاشم کچھ نہیں کر سکیں گے، سارے قبائل بعد میں دیت دے دیں گے۔"	

97	**Kya teesri tajveez ittefaq raai hui?**	**کیا تیسری تجویز اتفاق رائے ہوئی؟**	۹۷
	Ji haan, Iblees ne uski tasdeeq ki aur sab us tajveez par muttafiq ho gaye.	جی ہاں! ابلیس نے اُس کی تصدیق کی اور سب اُس تجویز پر متفق ہو گئے۔	

98	**Qatl ke mansubah ki ittila Rasool Allah ﷺ ko kisne di?**	**قتل کے منصوبہ کی اطلاع رسول اللہ ﷺ کوکس نے دی؟**	۹۸
	Allah ne Jibreel عليه السلام ke zariye Rasool Allah ﷺ ko Quraish ki sazish se ba khabar kar diya aur hijrat karne ka huqm diya aur kaha ke aaj ki raat apne bistar par na guzaare.	اللہ نے جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ رسول اللہ ﷺ کو قریش کی سازش سے باخبر کر دیا اور ہجرت کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ آج کی رات اپنے بستر پر نہ گزاریں۔	

99	**Hijrat ki khabar milne ke baad Rasool Allah ﷺ kaha tashreef le gaye?**	**ہجرت کی خبر ملنے کے بعد رسول اللہ ﷺ کہاں تشریف لے گئے؟**	۹۹
	Abu Bakr رضی اللہ عنہ ke ghar gaye aur Makkah se Madinah ki taraf jaane ka program banaya.	ابو بکر رضی اللہ عنہ کے گھر گئے اور مکہ سے مدینہ کی طرف جانے کا پروگرام بنایا۔	

100	**Quraish ke kitne nawjawaano ne Rasool Allah ﷺ ke ghar ka gheraw kiya tha?**	**قریش کے کتنے نو جوانوں نے رسول اللہ ﷺ کے گھر کا گھیراؤ کیا تھا؟**	۱۰۰
	11 nawjawaano ne Rasool Allah ﷺ ke ghar ka gheraw kiya tha.	۱۱ نوجوانوں نے رسول اللہ ﷺ کے گھر کا گھیراؤ کیا تھا۔	

101	**Rasool Allah ﷺ ka sone ka kya ma'mool tha?**	**رسول اللہ ﷺ کا سونے کا کیا معمول تھا؟**	۱۰۱
	Rasool Allah ﷺ Namaz e Isha' ke baad, shuru e raat mein so jate aur aadhi raat ke baad ghar se nikal kar Masjid e Haram tashreef le jate aur waha tahajjud ki	رسول اللہ ﷺ نماز عشاء کے بعد شروع رات میں سو جاتے اور آدھی رات کے بعد گھر سے نکل کر مسجد حرام تشریف لے جاتے اور وہاں تہجد کی نماز پڑھتے تھے۔	

	namaz padhte the.		

102	**Rasool Allah ﷺ ne ghar se nikalte waqt Ali رضی اللہ عنہ se kya farmaya tha?**	**رسول اللہ ﷺ نے گھر سے نکلتے وقت علی رضی اللہ عنہ سے کیا فرمایا تھا؟**	۱۰۲
	Tum mere bistar par lett jao aur logo ki amaanatein jo mere paas hai, unhe un tak pohocha dena.	تم میرے بستر پر لیٹ جاؤ اور لوگوں کی امانتیں جو میرے پاس ہیں، انھیں ان تک پہنچا دینا۔	

103	**Rasool Allah ﷺ ne ghar se nikalte hi kya kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے گھر سے نکلتے ہی کیا کیا؟**	۱۰۳
	Ghar se bahar nikalte hi Rasool Allah ﷺ ne ek mutthi mitti uthayi aur hamla awaro ki taraf pehnki, jisse woh Rasool Allah ﷺ ko dekh na sake.	گھر سے باہر نکلتے ہی رسول اللہ ﷺ نے ایک مٹھی مٹی اٹھائی اور حملہ آوروں کی طرف پھینکی جس سے وہ رسول اللہ ﷺ کو دیکھ نہ سکے۔	

104	**Rasool Allah ﷺ jab ghar se nikle toh Qur'an ki konsi ayat tilawat farma rahe the?**	**رسول اللہ ﷺ جب گھر سے نکلے تو قرآن کی کونسی آیت تلاوت فرمارہے تھے؟**	۱۰٤
وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ			
	Hamne unke aage rukawat khadi kardi aur unke peeche bhi rukawat khadi kardi. Pas hamne unhe dhaank liya aur woh dekh nahi rahe hai. (Yaseen : 09)	ہم نے اُن کے آگے رُکاوٹ کھڑی کر دی اور اُن کے پیچھے بھی رکاوٹ کھڑی کر دی پس ہم نے انہیں ڈھانک لیا اور وہ دیکھ نہیں رہے ہیں۔	

105	**Program ke mutabiq Rasool Allah ﷺ aur Abu Bakr رضی اللہ عنہ kis waqt nikle aur kaha panaah li?**	**پروگرام کے مطابق رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر رضی اللہ عنہ کس وقت نکلے اور کہاں پناہ لی؟**	۱۰۵
	Tulu e Fajr se pehle nikle aur Makkah se 5 mil ke faasle par Gaar e Sawr mein panaah li aur 3 raatein usme guzaari.	طلوع فجر سے پہلے نکلے اور مکہ سے پانچ میل کے فاصلہ پر غارِ ثور میں پناہ لی اور تین راتیں اس میں گزاریں۔	

106	**Asma binte Abu Bakr رضی اللہ عنہا ko Zatun Nitaqain ka laqab kisne diya aur yeh laqab dene ki wajah kya thi?**	**اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما کو ذات النطاقین کا لقب کس نے دیا اور یہ لقب دینے کی وجہ کیا تھی؟**	١٠٦
	Asma binte Abu Bakr رضی اللہ عنہا ko Zatun Nitaqayn ka laqab Rasool Allah ﷺ ne diya tha aur iski wajah yeh thi ke unhone apne kamar band ke 2 tukde kiye, aur 1 tukde se zadirah ko baandha aur dusre tukde ko apni kamar se baandha.	أسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کوذات النطاقین کا لقب رسول اللہ ﷺ نے دیا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے اپنے کمر بند کے دو ٹکڑے کئے، اور ایک ٹکڑے سے زاد راہ کو باندھا اور دوسرے ٹکڑے کو اپنی کمر سے باندھا۔	

107	**Makkah ki khabre Rasool Allah ﷺ tak Gaar e Sawr mein kon pohochate the?**	**مکہ کی خبریں رسول اللہ ﷺ تک غار ثور میں کون پہنچاتے تھے؟**	١٠٧
	Abu Bakr رضی اللہ عنہ ke sahabzade Abdullah رضی اللہ عنہ.	ابو بکر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبداللہ رضی اللہ عنہ۔	

108	**Dono ke liye khane ka intezam kis tarah hota tha?**	**دونوں کے لیے کھانے کا انتظام کس طرح ہوتا تھا؟**	١٠٨
	Abu Bakr رضی اللہ عنہ ke gulaam Aamir bin Fuhayrah رضی اللہ عنہ raat ke aakhri peher bakriyan charaate hue jate aur bakriyon ka doodh nikal kar unhe pesh karte aur Aap dono aasuda hokar doodh pite the.	ابوبکر رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ رات کے آخری پہر بکریاں چراتے ہوئے جاتے اور بکریوں کا دودھ نکال کر انہیں پیش کرتے اور آپ دونوں آسودہ ہو کر دودھ پیتے تھے۔	

109	**Rasool Allah ﷺ ne Gair ma'roof raaste se Madinah le jaane ki zimmedari kise sawpi thi?**	**رسول اللہ ﷺ نے غیر معروف راستے سے مدینہ لے جانے کی ذمہ داری کسے سونپی تھی؟**	١٠٩
	Abdullah bin Urayqit ko, jo ke musalman nahi the.	عبد اللہ بن اُرَیقط کو، جو کہ مسلمان نہیں تھے۔	

110	**Mushrikeen e Makkah ne Rasool Allah ﷺ aur Abu Bakr رضی اللہ عنہ ke silsile mein kya faisla kiya tha?**	**مشرکین مکہ نے رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں کیا فیصلہ کیا تھا؟**	۱۱۰
	Rasool Allah ﷺ aur Abu Bakr رضی اللہ عنہ ko zindah ya murdah laane par 100 qimti ooth ka inaam rakha gaya tha.	رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو زندہ یا مردہ لانے پر سو قیمتی اونٹ کا انعام رکھا گیا تھا۔	

111	**Jis waqt talaash karne wale gaar ke dahane par pohoche toh Abu Bakr رضی اللہ عنہ ne Rasool Allah ﷺ se kya kaha?**	**جس وقت تلاش کرنے والے غار کے دہانے پر پہنچے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا کہا؟**	۱۱۱
	Abu Bakr رضی اللہ عنہ ne Rasool Allah ﷺ se kaha: "Agar koi shakhs apna sar niche kare toh woh hame dekh lega."	ابوبکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے کہا: "اگر کوئی شخص اپنا سر نیچے کرے تو وہ ہمیں دیکھ لے گا۔"	

112	**Rasool Allah ﷺ ne Abu Bakr رضی اللہ عنہ ko kya jawab diya?**	**رسول اللہ ﷺ نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کو کیا جواب دیا؟**	۱۱۲
	Rasool Allah ﷺ ne Abu Bakr رضی اللہ عنہ se kaha: "Abu Bakr, Aise do aadmiyo ke baare mein tumhara kya khayal hai jinka teesra Allah hai?"	رسول اللہ ﷺ نے ابو بکر رضی اللہ عنہ سے کہا: ابوبکر : ایسے دو آدمیوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ ہے۔	
	لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا		
	Tarjuma- Mat ghabrao, Allah tumhare saath hai.	ترجمہ- مت گھبراؤ، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔	

113	**Dushmano mein se kisne Rasool Allah ﷺ ka picha kiya tha?**	**دشمنوں میں سے کسی نے رسول اللہ ﷺ کا پیچھا کیا تھا؟**	۱۱۳
	Suraqah bin Malik ne Rasool Allah ﷺ ka picha kiya tha.	سُراقہ بن مالک نے رسول اللہ ﷺ کا پیچھا کیا تھا۔	

114	**Suraqah ke saath kya waqiah pesh aaya?**	**سراقہ کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟**	١١٤
	Suraqah jab Rasool Allah ﷺ ke qareeb pohocha toh uske ghode ke dono pair ghutno tak zameen mein dhas gaye aur woh khud ghode se gir pada.	سراقہ جب رسول اللہ ﷺ کے قریب پہنچا تو اُس کے گھوڑے کے دونوں پیر گھٹنوں تک زمین میں دھنس گئے اور وہ خود گھوڑے سے گر پڑا۔	

115	**Suraqah ko naakaami milne ke baad usey kis baat ka yaqeen ho gaya?**	**سراقہ کو ناکامی ملنے کے بعد اُسے کس بات کا یقین ہو گیا؟**	١١٥
	Suraqah par haibat tari ho gayi aur usey yaqeen ho gaya ke Rasool Allah ﷺ zarur ek din galib aakar rahenge.	سراقہ پر ہیبت طاری ہوگئی اور اُسے یقین ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ ضرور ایک دن غالب آکر رہیں گے۔	

116	**Suraqah ne Rasool Allah ﷺ se kya talab kiya?**	**سراقہ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا طلب کیا؟**	١١٦
	Suraqah ne apni jaan ki amaan ke liye Rasool Allah ﷺ se parwanah aman talab kiya.	سراقہ نے اپنی جان کی امان کے لیے رسول اللہ ﷺ سے پروانہ آمن طلب کیا۔	

117	**Rasool Allah ﷺ ne parwanah aman likh kar dete hue Suraqah ko kya khush khabri sunayi?**	**رسول اللہ ﷺ نے پروانہ امن لکھ کر دیتے ہوئے سراقہ کو کیا خوشخبری سنائی؟**	١١٧
	Rasool Allah ﷺ ne Suraqah se kaha: "Suraqah us waqt teri kya shaan hogi jab tere haath mein Kasra ke shahi kangan pehnaye jayenge?" Aur yeh peshangoyi Umar رضی اللہ عنہ ke Daur e Khilafat mein puri hui.	رسول اللہ ﷺ نے سراقہ سے کہا: سراقہ اُس وقت تیری کیا شان ہوگی جب تیرے ہاتھ میں کسری کے شاہی کنگن پہنائے جائیں گے اور یہ پیشن گوئی عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں پوری ہوئی۔	

118	**Rasool Allah ﷺ Quba kab pohoche?**	**رسول اللہ ﷺ قبا کب پہنچے؟**	١١٨

	Do Shamba, 8 Rabbiul Awwal, San 14 Nubuwat, San 1 Hijri ko Quba pohoche.	دوشنبہ، ۸ ربیع الاول، سن ۱۴ نبوت، سن ۱ ھ کو قبا پہنچے۔	

119	**Quba mein Rasool Allah ﷺ ne kitne din qayaam farmaya aur kis cheez ki buniyaad rakhi?**	**قبا میں رسول اللہ ﷺ نے کتنے دن قیام فرمایا اور کس چیز کی بنیا د رکھی؟**	**۱۱۹**
	Rasool Allah ﷺ ne Quba mein 4 din qayaam farmaya aur 1 masjid ki buniyaad rakhi. Aur masjid ke silsile mein Allah Ta'ala ne farmaya:	رسول اللہ ﷺ نے قبا میں چار دن قیام کیا اور ایک مسجد کی بنیاد رکھی اور اس مسجد کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:	
لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ			
	Tarjuma- Albatta pehle hi din se is masjid ki buniyaad taqwa par rakhi gayi hai. (Surah Tauba- 108) Aur isme 2 rakat namaz padhne ka sawaab ek Umrah ke barabar hai.	ترجمہ - البتہ پہلے ہی دن سے اس مسجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے - اور اس میں دو رکعت نماز پڑھنے کا ثواب ایک عمرہ کے برابر ہے۔	

120	**Quba se Madinah ki taraf kab rawana hue?**	**قبا سے مدینہ کی طرف کب روانہ ہوئے؟**	**۱۲۰**
	Jummah ke din Allah ke huqm se oot ni par sawaar hue aur Madinah ki taraf rawaana hue.	جمعہ کے دن اللہ کے حکم سے اوٹنی پر سوار ہوئے اور مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔	

121	**Rasool Allah ﷺ ne Jummah ki namaz kaha adaa farmayi aur kitne sahaba karam namaz mein shareek the?**	**رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کی نماز کہاں ادا فرمائی اور کتنے صحابہ کرام نماز میں شریک تھے؟**	**۱۲۱**
	Rasool Allah ﷺ ne Jummah ki namaz Banu Salim bin Awf ki basti mein adaa ki aur is namaz mein 100 sahaba karam رضی اللہ عنہم shareek the.	رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کی نماز بنو سالم بن عوف کی بستی میں ادا کی اور اس نماز میں سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریک تھے۔	

122	**Kya Ehle Madinah ko Rasool Allah ﷺ ki aamad ki khabar thi?**	**کیا اہل مدینہ کو رسول اللہ ﷺ کی آمد کی خبر تھی؟**	۱۲۲
	Ji haan, Ehle Madinah rozana subah sawere sheher se bahar nikal kar, Rasool Allah ﷺ ki aamad ka intezar kiya karte the. Aur dophar ke waqt jab garmi tez hoti toh ghar laut jaya karte the.	جی ہاں : اہل مدینہ روزانہ صبح سویرے شہر سے باہر نکل کر رسول اللہ ﷺ کی آمد کا انتظار کیا کرتے تھے، اور دو پہر کے وقت جب گرمی تیز ہوتی تو گھر لوٹ جایا کرتے تھے۔	

123	**Rasool Allah ﷺ ki aamad ki khabar Ehle Madinah ko kisne di?**	**رسول اللہ ﷺ کی آمد کی خبر اہل مدینہ کو کس نے دی؟**	۱۲۳
	Ek yahoodi ne jisne bekhud ho kar buland awaaz se kaha: "Arab ke logo, yeh raha tumhara naseeb jiska tum shiddat se intezar kar rahe the".	ایک یہودی نے جس نے بے خود ہو کر بلند آواز سے کہا عرب کے لوگوں "یہ رہا تمہارا نصیب جس کا تم شدت سے انتظار کر رہے تھے۔"	

124	**Ehle Madinah ne Aap ﷺ ka istaqbal kis tarah kiya?**	**اہل مدینہ نے آپ ﷺ کا استقبال کس طرح کیا؟**	۱۲٤
	Ehle Madinah hatiyar se, saj dhaj kar istaqbal ke liye ghar se nikal pade. Maare khushi ke, shor barpah ho gaya aur takbeere buland ki.	اہل مدینہ ہتھیار سے سج دھج کر استقبال کے لیے گھر سے نکل پڑے، مارے خوشی کے شور برپا ہو گیا اور تکبیریں بلند کیں۔	

125	**Ehle Madinah ne aur Ehle Islam ke liye yeh din kaisa tha?** Yeh ek tareekhi din tha jiski misaal sar zameen Madinah ne kabhi nahi dekhi thi. Issi ki pesh e nazar Umar رضی اللہ عنہ ne Islami calendar ka aagaaz hijrat se farmaya jo San e Hijri ke	**اہل مدینہ اور اہل اسلام کے لیے یہ دن کیسا تھا؟** یہ ایک تاریخی دن تھا جس کی مثال سرزمین مدینہ نے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس کے پیش نظر عمر رضی اللہ عنہ نے اسلامی کیلنڈر کا آغاز ہجرت سے فرمایا جو سن ہجری کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔	۱۲۵

	naam se yaad kiya jata hai.		

126	**Rasool Allah ﷺ ki ootni kaha baithi aur us mohalle ka kya naam tha?**	**رسول اللہ ﷺ کی اوٹنی کہاں بیٹھی اور اس محلہ کا کیا نام تھا؟**	۱۲٦
	Rasool Allah ﷺ ki ootni us muqaam par baithi jaha aaj Masjid e Nabawi hai. Aur is mohalle ka naam Banu Najjaar tha.	رسول اللہ ﷺ کی اوٹنی اس مقام پر بیٹھی جہاں آج مسجد نبوی ہے۔ اور اس محلہ کا نام بنو النجار تھا۔	

127	**Rasool Allah ﷺ ki mezbani ka sharf kis sahabi ko hasil hua?**	**رسول اللہ ﷺ کی میزبانی کا شرف کس صحابی کو حاصل ہوا؟**	۱۲۷
	Abu Ayyub Ansari رضی اللہ عنہ ko.	ابوا یوب انصاری رضی اللہ عنہ کو۔	

MADANI ZINDAGI مدنی زندگی

MASJID E NABAWI مسجد نبوی

128	**Allah ki daawat aur deeni wa duniyawi kaamo ko aage badhane ke liye Rasool Allah ﷺ ne sabse pehle kya kaam kiya?**	**اللہ کی دعوت اور دینی و دنیوی کاموں کو آگے بڑھانے کے لیے رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے کیا کام کیا؟**	۱۲۸
	Rasool Allah ﷺ ne sabse pehle Masjid e Nabawi ki tameer farmayi.	رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی۔	

129	**Jis jagah Masjid e Nabawi banayi gayi, woh jagah kiski thi?**	**جس جگہ مسجد نبوی بنائی گئی وہ جگہ کس کی تھی؟**	۱۲۹
	Yeh jagah do yateem baccho ki thi jo qeematan kharidi gayi thi.	یہ جگہ دو یتیم بچوں کی تھی جو قیمتا خریدی گئی تھی۔	

130	**Masjid e Nabawi ki lambaai aur chawdayi kya thi? Aur uski chhat aur deewaare kis tarah tayyar ki gayi thi?**	**مسجد نبوی کی لمبائی اور چوڑائی کیا تھی اور اس کی چھت اور دیواریں کس طرح تیار کی گئی تھیں؟**	۱۳۰
* * *	Masjid e Nabawi ki lambaai aur chawdayi 100 100 haath thi. Deewaare kacchi eeth aur gaare ki thi. Chhat khajoor ki shaakho aur patto se banayi gayi thi.	مسجد نبوی کی لمبائی اور چوڑائی سو سو ہاتھ تھی۔ دیواریں کچی اینٹ اور گارے کی تھیں۔ چھت کھجور کی شاخوں اور پتوں سے بنائی گئی تھی۔	* * *

AZAAN اذان

131	**Kya Masjid e Nabawi ki tameer se pehle namaz adaa karne ke liye tamaam musalman ek saath jama hote the?**	**کیا مسجد نبوی کی تعمیر سے پہلے نماز ادا کرنے کے لیے تمام مسلمان ایک ساتھ جمع ہوتے تھے؟**	۱۳۱

	Nahi, balke log apni sahulat ke mutabiq jama hote the.	نہیں۔ بلکہ لوگ اپنی سہولت کے مطابق جمع ہوتے تھے۔	

132	**Jama'at ke saath namaz adaa karne ke liye sabse pehle kya mashwara tayy hua?**	**جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کے لیے سب سے پہلے کیا مشورہ طے ہوا؟**	۱۳۲
	Umar رضی اللہ عنہ ne mashwara diya ke **(الصَّلاۃُ جَامِعَةٌ)** Keh kar jama kiya jaye. Issi par ittifaaq bhi hua.	عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ **(الصَّلاۃُ جَامِعَةٌ)** کہہ کر جمع کیا جائے، اس پر اتفاق بھی ہوا۔	

133	**Kya (الصَّلاۃُ جَامِعَةٌ) keh kar logo ko namaz ke liye bulaya gaya?**	**کیا (الصَّلاۃُ جَامِعَةٌ) کہہ کر لوگوں کو نماز کے لیے بلایا گیا؟**	۱۳۳
	Nahi, balke ek sahabi ne azaan ke silsile mein khwaab dekha.	نہیں۔ بلکہ ایک صحابی نے اذان کے سلسلہ میں خواب دیکھا۔	

134	**Azaan ke silsile mein kis kis ne khwaab dekha?**	**اذان کے سلسلہ میں کس کس نے خواب دیکھا؟**	۱۳٤
	Abdullah bin Zaid bin Abdi Rabbah رضی اللہ عنہ ne azaan ke silsile mein khwaab dekha. Issi tarah Umar رضی اللہ عنہ ne bhi khwaab dekha.	عبد اللہ بن زید بن عبدِ رَبّہ رضی اللہ عنہ نے اذان کے سلسلہ میں خواب دیکھا اسی طرح عمر رضی اللہ عنہ نے بھی خواب دیکھا۔	

135	**Rasool Allah ﷺ ne azaan dene ke liye kise muntakhab kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے اذان دینے کے لیے کسے منتخب کیا؟**	۱٤۵
	Bilal رضی اللہ عنہ ko kyuke unki awaaz zyaada buland aur meethi thi.	بلال رضی اللہ عنہ کو کیوں کہ ان کی آواز زیادہ بلند اور میٹھی تھی۔	

TEHVILE QIBLAH تحویل قبلہ

136	**Pehle musalman kis taraf rukh**	**پہلے مسلمان کس طرف رُخ کر کے**	۱۳٦

	karke namaz padha karte the?	**نماز پڑھا کرتے تھے؟**	
	Baitul Muqaddas ki taraf rukh karke namaz padha karte the.	بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے۔	

137	**Rasool Allah ﷺ ne kitne arsey tak Baitul Muqaddas ki taraf rukh karke namaz padhi?**	**رسول اللہ ﷺ نے کتنے عرصہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی؟**	١٣٧
	Rasool Allah ﷺ ne 16 mahine tak Baitul Muqaddas ki taraf rukh karke namaz padhi.	رسول اللہ ﷺ نے سولہ مہینہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی۔	

138	**Tehvile Qiblah ke silsile mein Allah Ta'ala ne konsi ayat nazil farmayi?**	**تحویل قبلہ کے سلسلہ میں اللہ تعالی نے کونسی آیت نازل فرمائی؟**	١٣٨
	Allah Ta'ala ne Tehvile Qiblah ke silsile mein yeh ayat nazil farmayi:	اللہ تعالیٰ نے تحویل قبلہ کے سلسلہ میں یہ آیت نازل فرمائی۔	
فَوَلِ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَه			
	Tarjuma- Pas tum apna rukh Masjid e Haram ki taraf pherlo aur jaha bhi tum ho, uski taraf apna rukh kar liya karo. (Surah Baqarah: 144).	ترجمہ- پس تم اپنا رخ مسجد حرام کی طرف پھیر لو اور جہاں بھی تم ہو اس کی طرف اپنا رخ کر لیا کرو۔ (البقرہ -١٤٤)	

BHAI CHAARGI بھائی چارگی

139	**Masjid e Nabawi ki tameer ke baad Rasool Allah ﷺ ne dusra ehem kaam kya kiya?**	**مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد رسول اللہ ﷺ نے دوسرا اہم کام کیا کیا؟**	١٣٩
	Ansar aur Muhajireen mein bhai chaargi karaya.	انصار اور مہاجرین میں بھائی چارگی کرایا۔	

140	**Ansar Muhajireen ke saath kis tarah pesh aaye?**	**انصار، مہاجرین کے ساتھ کس طرح پیش آئے؟**	١٤٠

	Ansar Muhajireen ke saath izzat, mohabbat aur khuloos se pesh aaye aur unhe apne baagaat aur tijarat mein shareek kar liya.	انصار، مہاجرین کے ساتھ عزت، محبت اور خلوص سے پیش آئے اور انھیں اپنے باغات اور تجارت میں شریک کر لیا۔	

Madinah KE HAALAAT مدینہ کے حالات

141	**Rasool Allah ﷺ ko Madinah mein kitni qaumo se wasta pada?**	**رسول اللہ ﷺ کو مدینہ میں کتنی قوموں سے واسطہ پڑا؟**	١٤١
 * * *	Teen: Madinah ke qadeem aur asal qaba'il jinhone Islam qubool nahi kiya, yani mushrikeen. Qaum e Yahood. Munafiqeen.	تین : مدینہ کے قدیم اور اصل قبائل جنھوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا یعنی (مشرکین)۔ قومِ یہود۔ مُنافقین۔	 * * *

142	**Munafiqeen kon hai?**	**منافقین کون ہیں؟**	١٤٢
	Madinah ke qabile Aws wa Khazraj ke woh log jinhone zabaan se imaan ka iqraar kiya lekin dilo mein kufr ko poshida rakha.	مدینہ کے قبیلہ اوس و خزرج کے وہ لوگ جنھوں نے زبان سے ایمان کا اقرار کیا لیکن دلوں میں کفر کو پوشیدہ رکھا۔	

143	**Munafiqo ka raees kon tha?**	**منافقوں کا رئیس کون تھا؟**	١٤٣
	Munafiqo ka raees Abdullah bin Ubayy bin Salool tha.	منافقوں کا رئیس عبد اللہ بن ابی بن سلول تھا۔	

144	**Munafiqo ka kaam kya tha?**	**منافقوں کا کام کیا تھا؟**	١٤٤
	Munafiqeen musalmano ke saath mil kar rehte the aur unke raazo ko mushrikeen aur yahoodiyo tak pohochate the.	منافقین مسلمانوں کے ساتھ مل کر رہتے تھے اور اُن کے رازوں کو مشرکین اور یہودیوں تک پہنچاتے تھے۔	

145	**Yahoodiyo ke aalimo mein sabse**	**یہودیوں کے عالموں میں سب سے**	١٤٥

	pehle kisne Islam qubool kiya?	پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟	
	Abdullah bin Salaam رضی اللہ عنہ ne.	عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے۔	

146	**Islami fauji muhim ko Arabi mein 2 naam diye gaye hai, woh naam kya hai?**	**اسلامی فوجی مہم کو عربی میں دو نام دیئے گئے ہیں، وہ کیا ہیں؟**	۱٤٦
* *	Sariya. Gazwah.	ا۔ سریہ۔ غَزْوہ۔	* *

147	**Sariya kise kehte hai?**	**سریہ کسے کہتے ہیں؟**	۱٤٧
	Sariya us fauji muhim ka naam hai jisme Rasool Allah ﷺ tashreef na le gaye ho. Balke sahaba karam رضی اللہ عنہم ko rawana kiya ho. (Sariya ki jama Saraya hai).	سریہ اس فوجی مہم کا نام ہے جس میں رسول اللہ ﷺ تشریف نہ لے گئے ہوں بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو روانہ کیا ہو۔ (سریہ کی جمع "سرایا ہے)	

148	**Gazwah kise kehte hai aur ye bhi bataye ke Gazwaat wa Saraya ki ta'daad kitni hai?**	**غزوہ کسے کہتے ہیں اور یہ بھی بتائیں کہ غزوات و سرایا کی تعداد کتنی ہیں؟**	۱٤٨
	Gazwaat us fauji muhim ka naam hai jis mein Rasool Allah ﷺ tashreef le gaye ho. Gazwaat ki kul ta'daad 28 hai aur Saraya ki kul ta'daad 55 hai.	غزوات اس فوجی مہم کا نام ہے جس میں رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے ہوں۔ غزوات کی کل تعداد ۲۸ ہے اور سرایا کی کل تعداد ۵۵ ہے۔	

149	**Hijrat ke dusre saal kon konsi cheezein farz hui?**	**ہجرت کے دوسرے سال کون کون سی چیزیں فرض ہو ئیں؟**	۱٤٩
	Zakat aur Ramzan ke roze.	زکوٰۃ اور رمضان کے روزے۔	

GAZWAH E BADR غزوہ بدر

150	**Islam ke pehle faislakun gazwa ka kya naam hai aur yeh gazwa**	**اسلام کے پہلے فیصلہ کن غزوہ کا کیا نام ہے اور یہ غزوہ کس سن میں پیش**	۱۵۰

	kis san mein pesh aaya?	آیا؟	
	Islam ke pehle faislakun gazwa ka naam Gazwa e Badr hai aur yeh gazwa hijrat ke dusre saal, Badr ke maidan mein pesh aaya.	اسلام کے پہلے فیصلہ کن غزوہ کا نام غزوہ بدر ہے اور یہ غزوہ ہجرت کے دوسرے سال بدر کے میدان میں پیش آیا۔	

151	**Gazwa e Badr mein musalmano ki ta'daad kitni thi?**	**غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟**	۱۵۱
	Gazwa e Badr mein musalmano ki ta'daad 313 thi.	غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد تین سو تیرہ تھی۔	

152	**Sahaba Akraam رضی اللہ عنھم ne Rasool Allah ﷺ ko kis tarah himmat dilayi?**	**صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ کو کس طرح ہمت دلائی؟**	۱۵۲
	Miqdaad رضی اللہ عنہ م ne kaha: "Aye Allah ke Rasool ﷺ, Wallah ham woh baat nahi kahenge jo Banu Isra'el ne Musa علیہ السلام se kahi thi."	مقداد رضی اللہ عنہ نے کہا: "اے اللہ کے رسول ﷺ، واللہ ہم وہ بات نہیں کہیں گے جو بنو اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے کہی تھی۔"	
فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّآ هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ			
	Tarjuma- Ke tum aur tumhara rab jao aur lado, ham yahi baithe rehte hai. (Surah Mai'dah-24).	ترجمہ- کہ تم اور تمہارا رب جاؤ اور لڑو ہم یہیں بیٹھے رہتے ہیں۔ (المائدہ ـ ٢٤)	

153	**Ansar ke janib se Saad bin Maaz رضی اللہ عنہ ne Rasool Allah ﷺ se kya kaha?**	**انصار کی جانب سے سعد بن معاذ نے رسول ﷺ سے کیا کہا؟**	۱۵۳
	Saad bin Maaz رضی اللہ عنہ ne kaha: "Us zaat ki qasam jisne aapko haqq ke saath bheja, agar aap hame samundar par le chale aur usme koodne ka faisla farmaye, toh ham usme bhi kood	سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: "اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا، اگر آپ ہمیں سمندر پر لے چلیں اور اس میں کودنے کا فیصلہ فرمائیں تو ہم اس میں بھی کود پڑیں گے۔"	

	padenge".		

154	**Mushrikeen e Makkah ki ta'daad musalmano ke muqabley mein kitni thi?**	**مشرکین مکہ کی تعداد مسلمانوں کے مقابلہ میں کتنی تھی؟**	۱۵۴
	Takreeban 1000.	تقریباً ایک ہزار۔	

155	**Rasool Allah ﷺ ne Badr ke maidan mein Allah se dua karte hue kya farmaya tha?**	**رسول اللہ ﷺ نے بدر کے میدان میں اللہ سے دعا کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟**	۱۵۵
	"Aye Allah! Agar yeh musalman maare gaye toh phir duniya mein Tawheed ka ailaan karne wala koi bhi baaqi nahi rahega".	"اے اللہ اگر یہ مسلمان مارے گئے تو پھر دنیا میں توحید کا اعلان کرنے والا کوئی بھی باقی نہیں رہے گا۔"	

156	**Allah Ta'ala ne musalmano ki kis tarah madad farmayi?**	**اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی کس طرح مدد فرمائی؟**	۱۵۶
	Allah Ta'ala ne 1000 farishton ke zariye musalmano ki madad farmayi.	اللہ تعالیٰ نے ایک ہزار فرشتوں کے ذریعہ مسلمانوں کی مدد فرمائی۔	

157	**Is Jang mein kitne mushrikeen maare gaye aur kitne musalman shaheed hue?**	**اس جنگ میں کتنے مشرکین مارے گئے اور کتنے مسلمان شہید ہوئے؟**	۱۵۷
	70 mushrikeen maare gaye aur 70 qaidi banaye gaye aur kul 14 musalman shaheed hue.	ستر مشرکین مارے گئے اور ستر قیدی بنائے گئے اور کل چودہ مسلمان شہید ہوئے۔	

158	**Abu Jahl ka kya anjaam hua?**	**ابو جہل کا کیا انجام ہوا؟**	۱۵۸
	Gazwah e Badr mein do chhote baccho ke haatho maara gaya.	غزوہ بدر میں دو چھوٹے بچوں کے ہاتھوں مارا گیا۔	

GAZWAH E UHUD غزوہ احد

159	**Gazwah e Uhud ka waqiah kab**	**غزوہ احد کا واقعہ کب پیش آیا؟**	۱۵۹

	pesh aaya?		
	Gazwah e Badr ke ek saal baad yani 11 Shawwal, 3 Hijri baroz Hafta ko pesh aaya.	غزوہ بدر کے ایک سال بعد یعنی ۱۱ شوال ۳ ہجری بروز ہفتہ کو پیش آیا۔	

160	**Gazwah e Uhud kyu waqay hua?**	**غزوہ احد کیوں واقع ہوئی؟**	**۱۶۰**
	Mushrikeen ko Badr mein shikast ka saamna karna pada, jiski wajah se unhone musalmano se badla lene ke liye jang ka faisla kiya.	مشرکین کو بدر میں شکست کا سامنا کرنا پڑا جس کی وجہ سے انھوں نے مسلمانوں سے بدلہ لینے کے لیے جنگ کا فیصلہ کیا۔	

161	**Mushrikeen ka lashkar kiski qiyadat mein Madinah ke qareeb aaya?**	**مشرکین کا لشکر کس کی قیادت میں مدینہ کے قریب آیا؟**	**۱۶۱**
	Mushrikeen ka lashkar "Abu Sufyan" ki qiyadat mein Madinah ke qareeb aaya.	مشرکین کا لشکر ابوسفیان کی قیادت میں مدینہ کے قریب آیا۔	

162	**Mushrikeen ke lashkar ki tafseel bataye.**	**مشرکین کے لشکر کی تفصیل بتائیے؟**	**۱۶۲**
	3000 fauji, 300 ooth, 200 ghode aur 700 zirho par mushtamil tha.	تین ہزار فوجی ، تین سو اونٹ ، دو سو گھوڑے اور سات سو زرہوں پر مشتمل تھا۔	

163	**Gazwah e Uhud mein islami lashkar ki ta'daad kya thi?**	**غزوہ احد میں اسلامی لشکر کی تعداد کیا تھی؟**	**۱۶۳**
	Pehle islami lashkar ki ta'daad 1000 thi, baadme Raees Al Munafiqeen Abdullah bin Ubayy apne 300 saathiyo ko le kar Madinah wapas ho gaya tha, jiski wajah se Muhajireen ki ta'daad sirf 700 baaqi reh gayi thi.	پہلے اسلامی لشکر کی تعداد ایک ہزار تھی بعد میں رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی اپنے تین سو ساتھیوں کو لے کر مدینہ واپس ہو گیا تھا جس کی وجہ سے مجاہدین کی تعداد صرف سات سو باقی رہ گئی تھی۔	

.

164	**Rasool Allah ﷺ ne Madinah ke bahar apni fauj ko kis tarah tarteeb di?**	**رسول اللہ ﷺ نے مدینہ سے باہر اپنی فوج کو کس طرح ترتیب دی؟**	١٦٤
	Rasool Allah ﷺ ne 50 teer andazo ko Abdullah bin Zubair رضی اللہ عنہ ki nigrani mein Jable Rumah (Pahadi) par muttayeen kiya aur baqiya fauj ko pahadi ke daaman mein tarteeb diya.	رسول اللہ ﷺ نے پچاس تیر اندازوں کو عبداللہ بن جبیر کی نگرانی میں جبلِ رُماۃ (پہاڑی) پر متعین کیا اور بقیہ فوج کو پہاڑی کے دامن میں ترتیب دیا۔	

165	**Rasool Allah ﷺ ne teer andazo ko kya hidayatein di thi?**	**رسول اللہ ﷺ نے تیر اندازوں کو کیا ہدایتیں دی تھیں؟**	١٦٥
	Rasool Allah ﷺ ne teer andazo se kaha tha: "Dushmano ke shehsawaro ko teer maar kar ham se dur rakho taake woh peeche se ham par hamla na kar sake, chahe ham jeete ya haare, tum apni jagah thehere rehna aur hamari pusht ki hifazat karna".	رسول اللہ ﷺ نے تیر اندازوں سے کہا تھا: "دشمنوں کے شہسواروں کو تیر مار کر ہم سے دور رکھو تا کہ وہ پیچھے سے ہم پر حملہ نہ کرسکیں چاہے ہم جیتیں یا ہاریں تم اپنی جگہ ٹھہرے رہنا اور ہماری پشت کی حفاظت کرنا۔"	

166	**Musalmano ko jab fatah hui aur Maal e Ganimat jamaa karne mein masroof ho gaye toh us waqt kya waqiah pesh aaya?**	**مسلمانوں کو جب فتح ہوئی اور مال غنیمت جمع کرنے میں مصروف ہو گئے تواس وقت کیا واقعہ پیش آیا؟**	١٦٦
	Khalid bin Walid رضی اللہ عنہ ne peeche se musalmano par hamla kar diya jo ke abhi musalman nahi hue the.	خالد بن ولید رضي الله عنه نے پیچھے سے مسلمانوں پر حملہ کر دیا جو کہ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے۔	

167	**Kuffar ko peeche se musalmano par hamla karne ka kaise mauqa mila?**	**کفار کو پیچھے سے مسلمانوں پر حملہ کرنے کا کیسے موقع ملا؟**	١٦٧
	Jin teer andazo ko Rasool Allah ﷺ	جن تیراندازوں کو رسول اللہ ﷺ نے	

	ne jis hikmat amali ki wajah se pahadi par mut'ayyan kiya tha, us par qaayam nahi rahe aur musalmano ko fatah yaab dekh kar Maal e Ganimat jamaa karne mein masroof ho gaye. Us waqt dushman ne mauqe ko ganimat jaante hue peeche se hamla kar diya.	جس حکمت عملی کی وجہ سے پہاڑی پر متعین کیا تھا اُس پر قائم نہیں رہے اور مسلمانوں کو فتح یاب دیکھ کر مال غنیمت جمع کرنے میں مصروف ہو گئے اس وقت دشمن نے موقع کو غنیمت جانتے ہوئے پیچھے سے حملہ کر دیا۔	

168	**Kya Rasool Allah ﷺ par bhi hamla hua?**	**کیا رسول اللہ ﷺ پر بھی حملہ ہوا؟**	۱۶۸
	Ji haan, Aap ﷺ ko ek patthar laga jiski wajah se Aap ﷺ pehlu ke bal gir gaye, girne ki wajah se nichla daina rubaai daant toot gaya aur nichla hott zakhmi ho gaya. Khud ka daant sir mein dhas gaya aur peshani par chhot aayi. Nez aankh ke neeche ki ubhri hui haddi talwar ki zad mein aayi.	جی ہاں! آپ ﷺ کو ایک پتھر لگا جس کی وجہ سے آپ پہلو کے بل گر گئے، گرنے کی وجہ سے نچلا داہنا رباعی دانت ٹوٹ گیا اور نچلا ہونٹ زخمی ہو گیا، خود کا دانت سر میں دھنس گیا اور پیشانی پر چوٹ آئی نیز آنکھ کے نیچے کی اُبھری ہوئی ہڈی تلوار کی زد میں آئی۔	

169	**Rasool Allah ﷺ ke chacha Hamza رضی اللہ عنہ ki laash ke saath kya sulook kiya gaya?**	**رسول اللہ ﷺ کے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟**	۱۶۹
	Hind bin Utbah ne Hamza رضی اللہ عنہ ka pait chaak karke unka kaleja nikala aur usko chabaya, lekin nigal na saki.	ہند بن عتبہ نے حمزہ رضی اللہ عنہ کا پیٹ چاک کر کے اُن کا کلیجہ نکالا اور اُس کو چبایا لیکن نگل نہ سکی۔	

170	**Gazwah e Uhud mein shaheed hone wale un sahabi ka naam bataye jinhe farishto ne ghusl diya?**	**غزوہ احد میں شہید ہونے والے اُن صحابی کا نام بتائیں جنہیں فرشتوں نے غسل دیا؟**	۱۷۰
	Hanzala bin Abi Amir رضی اللہ عنہ	حنظلہ بن ابی عامر رضی اللہ عنہ	

	jinhe farishto ne ghusl diya. Isliye unko Ghaseel Al Malaika bhi kehte hai.	جنھیں فرشتوں نے غسل دیا اس لیے ان کو غسیل الملائکہ بھی کہتے ہیں۔	

171	**Gazwah e Uhud se ham musalmano ko kya sabaq milta hai?**	**غزوہ احد سے ہم مسلمانوں کو کیا سبق ملتا ہے؟**	۱۷۱
	Gazwah e Uhud se ham musalmano ko Rasool Allah ﷺ ki Ita'at wa farma bardari ki ehmiyat maloom hoti hai aur yeh sabaq milta hai ke Rasool Allah ﷺ ki na farmani ka anjaam kabhi accha nahi hota.	غزوہ احد سے ہم مسلمانوں کو رسول اللہ ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری کی اہمیت معلوم ہوتی ہے اور یہ سبق ملتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی کا انجام بھی اچھا نہیں ہوتا۔	

GAZWAH E AHZAB غزوہ احزاب

172	**Gazwah e Uhud ke baad musalmano aur mushrikeen ke darmiyan konsi badi jang hui aur kab hui?**	**غزوہ احد کے بعد مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان کونسی بڑی جنگ ہوئی اور کب ہوئی؟**	۱۷۲
	Jang e Ahzab, yeh jang San 5 Hijri mein hui.	جنگ احزاب، یہ جنگ سن ۵ھ میں ہوئی۔	

173	**Musalmano ke khilaf kon konsi jama'atein jang karne ke liye tayyar hui?**	**مسلمانوں کے خلاف کون کونسی جماعتیں جنگ کرنے کے لیے تیار ہوئیں؟**	۱۷۳
	Yahood, Mushrikeen e Makkah aur mukhtalif qaba'il.	یہود ، مشرکین مکہ اور مختلف قبائل۔	

174	**Jang e Ahzab mein islam ke dusmano ki fauj kitni thi aur kiski qiyadat mein yeh lashkar tarteeb diya gaya?**	**جنگِ احزاب میں اسلام کے دشمنوں کی فوج کتنی تھی اور کس کی قیادت میں یہ لشکر ترتیب دیا گیا؟**	۱۷۴
	Jang e Ahzab mein islam ke	جنگ احزاب میں اسلام کے دشمنوں	

	dusmano ki fauj 10,000 thi, jiski qiyadat Abu Sufyan kar raha tha.	کی فوج دس ہزار تھی جس کی قیادت ابو سفیان کر رہا تھا۔	

175	**Rasool Allah ﷺ ne mukhalafeen ki itni badi ta'daad dekh kar kya kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے مخالفین کی اتنی بڑی تعداد دیکھ کر کیا کیا؟**	۱۷۵
	Difayi Mansoobah ke liye sahaba e karam رضوان اللہ علیہم اجمعین ke saath ek meeting ki.	دفاعی منصوبہ کے لیے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔	

176	**Meeting mein kiski raai par ittefaq hua?**	**میٹنگ میں کس کی رائے پر اتفاق ہوا؟**	۱۷۶
	Salman رضی اللہ عنہ ki raai par ittefaq hua, jinhone khandak khodne ka mashwara diya.	سلمان رضی اللہ عنہ کی رائے پر اتفاق ہوا جنہوں نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا۔	

177	**Salman رضی اللہ عنہ kaha ke rehne wale the?**	**سلمان رضی اللہ عنہ کہاں کے رہنے والے تھے؟**	۱۷۷
	Iran (Fars) ke.	ایران (فارس) کے۔	

178	**Khandak khodne ke liye ek ek hisse par kitne sahaba karam رضی اللہ عنہم ko mut'ayyan kiya gaya?**	**خندق کھودنے کے لیے ایک ایک حصہ پر کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کو متعین کیا گیا؟**	۱۷۸
	Har 10 sahaba karam رضی اللہ عنہم ke hawale 40 haath khandak khodne ka kaam sawpa gaya.	ہر دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے چالیس ہاتھ خندق کھودنے کا کام سونپا گیا۔	

179	**Musalmano ki fauj kitni thi?**	**مسلمانوں کی فوج کتنی تھی؟**	۱۷۹
	3000.	تین ہزار۔	

180	**Mushrikeen kaise shikast kha kar bhaagne par majboor ho gaye?**	**مشرکین کیسے شکست کھا کر بھاگنے پر مجبور ہو گئے؟**	۱۸۰
	Allah Ta'ala ne mushrikeen ke	اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے پڑاؤ پر	

	padao par tufaan bheja jisse unke kheme (tents) ukhad gaye aur farishto ka ek lashkar bhi bheja jisne unke dilo mein rawb aur khauf daal diya.	طوفان بھیجا جس سے اُن کے خیمے اُکھڑ گئے اور فرشتوں کا ایک لشکر بھی بھیجا جس نے اُن کے دلوں میں رعب اور خوف ڈال دیا۔	

181	**Dono jama'ato mein se kitne kitne log maare gaye?**	**دونوں جماعتوں میں سے کتنے کتنے لوگ مارے گئے؟**	۱۸۱
	Teer andazi se 6 musalman shaheed hue aur 10 mushrikeen qatl hue.	تیراندازی سے چھ مسلمان شہید ہوئے اور دس مشرکین قتل ہوئے۔	

SULAH E HUDAIBIYYAH صلح حدیبیہ

182	**Madinah mein Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ ko khwaab mein kya dikhaya?**	**مدینہ میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں کیا دکھلایا؟**	۱۸۲
	Aap ﷺ ne khwaab mein dekha ke Aap Masjid e Haram mein dakhil hue aur saro ko mundhwaya aur qasr karwaya.	آپ ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ آپ مسجد حرام میں داخل ہوئے اور سروں کو منڈھوایا اور قصر کروایا۔	

183	**Aap ﷺ aur sahaba karam رضی اللہ عنہم Madinah se Makkah ki taraf kab rawana hue?**	**آپ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مدینہ سے مکہ کی طرف کب روانہ ہوئے؟**	۱۸۳
	Yakam Zil Qa'dah, San 6 Hijri, 2 Shambah ke din Madinah se nikle.	یکم ذی القعدہ، سن ٦ ھ، دوشنبہ کے دن مدینہ سے نکلے۔	

184	**Aap ﷺ ke saath kitne sahaba karam رضی اللہ عنہم the?**	**آپ ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے؟**	۱۸٤
	1400 sahaba karam رضی اللہ عنہم the.	چودہ سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے۔	

185	**Mushrikeen e Makkah ko Aap ﷺ**	**مشرکین مکہ کو آپ ﷺ کی آمد کی**	۱۸۵

	ki aamad ki ittila'a mili toh unhone kya kiya?	**اطلاع ملی تو انھوں نے کیا کیا؟**	
	Majlis e Shura ki hungaami meeting bulwayi	مجلس شوری کی ہنگامی میٹنگ بلوائی۔	

186	**Meeting mein kya faisla hua?**	**میٹنگ میں کیا فیصلہ ہوا؟**	۱۸۶
	Majlis e Shura mein yeh faisla hua ke musalmano ko Baitullah se roka jaye.	مجلس شوری میں یہ فیصلہ ہوا کہ مسلمانوں کو بیت اللہ سے روکا جائے۔	

187	**Aap ﷺ aur sahaba karam رضی اللہ عنہم ne Makkah ke qareeb pohoch kar kaha qayaam kiya?**	**آپ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مکہ کے قریب پہنچ کر کہاں قیام کیا؟**	۱۸۷
	Hudaibiyyah ke muqaam par qayaam kiya.	حدیبیہ کے مقام پر قیام کیا۔	

188	**Rasool Allah ﷺ ne apne safar ke maqsad se aagaah karne ke liye Makkah ki taraf kise safeer bana kar bheja?**	**رسول اللہ ﷺ نے اپنے سفر کے مقصد سے آگاہ کرنے کے لیے مکہ کی طرف کسے سفیر بنا کر بھیجا؟**	۱۸۸
	Rasool Allah ﷺ ne Makkah ki taraf Usman رضی اللہ عنہ ko safeer bana kar bheja.	رسول اللہ ﷺ نے مکہ کی طرف عثمان رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر بھیجا۔	

189	**Kya Usman رضی اللہ عنہ apni zimmedari nibhane ke baad fauran musalmano ke paas pohoche?**	**کیا عثمان رضی اللہ عنہ اپنی ذمہ داری نبھانے کے بعد فوراً مسلمانوں کے پاس پہنچے؟**	۱۸۹
	Nahi, balke Quraish ne unhe rok liya tha.	نہیں۔ بلکہ قریش نے انہیں روک لیا تھا۔	

190	**Takheer ki wajah se musalmano ke paas kaisi afwah pohochi?**	**تاخیر کی وجہ سے مسلمانوں کے پاس کیسی افواہ پہنچی؟**	۱۹۰
	Musalmano ke paas Usman رضی اللہ عنہ ki shahadat ki afwa	مسلمانوں کے پاس عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی افواہ پہنچی۔	

	pohochi.		

191	**Usman رضی اللہ عنہ ki shahadat ki ittila'a milne par Aap ﷺ ne kya kiya?**	**عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی اطلاع ملنے پر آپ ﷺ نے کیا کیا؟**	١٩١
	Rasool Allah ﷺ ne sahaba karam رضی اللہ عنهم se farmaya ke ham is jagah se us waqt tak tal nahi sakte jab tak ke Usman رضی اللہ عنہ ke khoon ka badla unse na lele.	رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ ہم اس جگہ سے اُس وقت تک ٹل نہیں سکتے جب تک کہ عثمان رضي الله عنه کے خون کا بدلہ اُن سے نہ لے لیں۔	

192	**Jo ba'it Rasool Allah ﷺ ne sahaba karam رضوان اللہ علیہم اجمعین se li, woh ba'it kis naam se mashhoor hai?**	**جو بیعت رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے لی وہ بیعت کس نام سے مشہور ہے؟**	١٩٢
	Ba'it e Rizwan.	بیعت رضوان۔	

193	**Mushrikeen e Makkah ne ba'it ke silsile mein suna toh kya faisla kiya?**	**مشرکین مکہ نے بیعت کے سلسلہ میں سنا تو کیا فیصلہ کیا؟**	١٩٣
	Mushrikeen e Makkah par ek haibat tari ho gayi aur musalmano ke saath sulaah karne ka faisla kar liya.	مشرکین مکہ پر ایک ہیبت طاری ہو گئی اور مسلمانوں کے ساتھ صلح کرنے کا فیصلہ کر لیا۔	

194	**Musalmano se sulaah karne ke liye mushrikeen ki jaanib se kon aaya?**	**مسلمانوں سے صلح کرنے کے لیے مشرکین کی جانب سے کون آیا؟**	١٩٤
	Suhail bin Amr.	سُہیل بن عمر۔	

195	**Sulaah ki pehli shart kya thi?**	**صلح کی پہلی شرط کیا تھی؟**	١٩٥
	Rasool Allah ﷺ is saal Makkah mein dakhil hoye bagair musalmano ke saath waapas	رسول اللہ ﷺ اس سال مکہ میں داخل ہوئے بغیر مسلمانوں کے ساتھ واپس جائیں گے اور اگلے سال مکہ آئیں	

	jayenge aur agle saal Makkah aayenge.	گے۔	

196	**Sulaah ki dusri shart kya thi?**	**صلح کی دوسری شرط کیا تھی؟**	۱۹۶
	Fariqayn ke darmiyan 10 saal jang band rahegi.	فریقین کے درمیان دس سال جنگ بند رہے گی۔	

197	**Sulaah ki teesri shart kya thi?**	**صلح کی تیسری شرط کیا تھی؟**	۱۹۷
	Dusre qaba'il arab mein se jo Muhammad ﷺ ke ehed mein dakhil hona chahe, dakhil ho sakte hai aur jo Quraish ke ehed mein dakhil hona chahe, dakhil ho sakte hai.	دوسرے قبائل عرب میں سے جو محمد ﷺ کے عہد میں داخل ہونا چاہیں داخل ہو سکتے ہیں اور جو قریش کے عہد میں داخل ہونا چاہیں داخل ہو سکتے ہیں۔	

198	**Sulaah ki chawthi shart kya thi?**	**صلح کی چوتھی شرط کیا تھی؟**	۱۹۸
	Quraish ka jo bhi aadmi musalmano ki panaah mein aayega, musalman usey Quraish ke hawaale kar denge lekin musalmano ka jo bhi aadmi Quraish ki panaah mein aayega, Quraish usey wapas nahi karenge.	قریش کا جو بھی آدمی مسلمانوں کی پناہ میں آئے گا مسلمان اُسے قریش کے حوالے کر دیں گے لیکن مسلمانوں کا جو بھی آدمی قریش کی پناہ میں آئے گا قریش اُسے واپس نہیں کریں گے۔	

199	**Sulaah hone ke baad Rasool Allah ﷺ ne sahaba karam رضی اللہ عنہم ko kya huqm diya?**	**صلح ہونے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کیا حکم دیا؟**	۱۹۹
	Umrah se halaal hone ka huqm diya.	عمرہ سے حلال ہونے کا حکم دیا۔	

200	**Sulaah Hudaibiyyah ko Qur'an ne kisse ta'abeer kiya hai?**	**صلح حدیبیہ کو قرآن نے کس سے تعبیر کیا ہے؟**	۲۰۰
اِنّافَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا			

	Fatah azeem se- (Surah Al Fath - 01)	فتح عظیم سے - (الفتح - ۱)	

BADSHAHO KE NAAM KHUTOOT بادشاہوں کے نام خطوط

201	**Rasool Allah ﷺ ne Madinah aur Arab mulk se bahar rehne wale Badshaho aur Umra' ko Islam ki daawat kis tarah di?**	**رسول اللہ ﷺ نے مدینہ اور عرب ملک سے باہر رہنے والے بادشاہوں اور امراء کو اسلام کی دعوت کس طرح دی؟**	۲۰۱
	Khutoot ke zariye.	خطوط کے ذریعہ۔	

202	**Rasool Allah ﷺ ne kin kin badshaho ke naam khutoot likhe?**	**رسول اللہ ﷺ نے کن کن بادشاہوں کے نام خطوط لکھے؟**	۲۰۲
* * * * * * * *	Habsha ke badshah Najashi. Misr ke badshah Muqauqas. Iran ke badshah Khushro Parvez. Rome ke badshah Qaesar. Amir e Busra'. Amir e Yamama. Hakim e Bahrain. Hakim e Oman.	حبشہ کے بادشاہ نجاشی۔ مصر کے بادشاہ مقَوقَس۔ ایران کے بادشاہ خُسرو پرویز۔ روم کے بادشاہ قیصر۔ امیر بصری۔ امیر یمامہ۔ حاکم بحرین حاکم عمان۔	* * * * * * * *

203	**Badshaho ke naam khutoot likhe gaye, un tamaam ka mawzu' kya tha?**	**بادشاہوں کے نام جو خطوط لکھے گئے ان تمام کا موضوع کیا تھا؟**	۲۰۳
	Un khutoot ka mawzu' "Ek Allah ki ibadat aur shirk se bachne ki daawat" par mushtamil tha.	ان خطوط کا موضوع " ایک اللہ کی عبادت اور شرک سے بچنے کی دعوت" پر مشتمل تھا۔	

204	**Rasool Allah ﷺ ke in khutoot ke zariye kon kon se badshah musalman ho gaye?**	**رسول اللہ ﷺ کے ان خطوط کے ذریعہ کون کون سے بادشاہ مسلمان ہوئے؟**	۲۰۴
	Habsha ka badshah Najashi aur	حبشہ کا بادشاہ نجاشی اور عمان کا	

	Oman ka hakim.	حاکم۔	

205	**Woh konsa badshah hai jisne Rasool Allah ﷺ ke khat ko padh kar phaadh diya tha?**	**وہ کونسا بادشاہ ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کے خط کو پڑھ کر پھاڑ دیا تھا؟**	۲۰۵
	Iran ke badshah Khusro Parvez (Kasra') ne.	ایران کے بادشاہ خسرو پرویز (کسریٰ) نے۔	

206	**Woh konsa badshah tha jisne khat padhne ke baad qaasid ko qatl kar diya tha?**	**وہ کونسا بادشاہ تھا جس نے خط پڑھنے کے بعد قاصد کو قتل کر دیا تھا؟**	۲۰۶
	Amir e Busra ne.	امیر بصریٰ نے۔	

207	**Kya Rasool Allah ﷺ ne Amir e Busra ki khabar li?**	**کیا رسول اللہ ﷺ نے امیر بصری کی خبر لی؟**	۲۰۷
	Ji haan, Ma'arkah Mutah ka yehi sabab tha.	جی ہاں، معرکہ موتہ کا یہی سبب تھا۔	

208	**Sulaah Hudaibiyyah ke waqt Rasool Allah ﷺ sahaba karam رضی اللہ عنھم Umrah na kar sake toh phir unhone Umrah ki qaza kab ki?**	**صلح حدیبیہ کے وقت رسول اللہ ﷺ اورصحابہ کرام رضی اللہ عنہم عمرہ نہ کر سکے تو پھر انھوں نے عمرہ کی قضا کب کی؟**	۲۰۸
	Zul Qa'dah, San 7 Hijri mein Umrah ki qaza ki.	ذو القعدہ, سن ۷ھ میں عمرہ کی قضاء کی۔	

GAZWAH E FATAH E MAKKAH غزوہ فتح مکہ

209	**Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ ko Makkah Mukarramah fatah karne ka sharf kab bakhsha?**	**اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کو مکہ مکرمہ فتح کرنے کا شرف کب بخشا؟**	۲۰۹
	Ramzan San 8 Hijri mein.	رمضان سن ۸ھ میں۔	

210	**Rasool Allah ﷺ ko Makkah par**	**رسول اللہ ﷺ کو مکہ پر حملہ کرنے**	۲۱۰

	hamla karne ki zaroorat kyu padhi?	**کی ضرورت کیوں پڑی؟**	
	Sulaah Hudaibiyyah ke shara'it ki khilaf warzi karne par.	صلح حدیبیہ کے شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر۔	

211	**Fatah e Makkah ke waqt Islami lashkar ki ta'daad kitni thi?**	**فتح مکہ کے وقت اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟**	۲۱۱
	10,000.	دس ہزار۔	

212	**Raaste mein kisse mulaqaat hui?**	**راستہ میں کس سے ملاقات ہوئی؟**	۲۱۲
	Rasool Allah ﷺ ke chacha Abbas bin Abdul Muttalib رضی اللہ عنہ se, jo musalman ho kar Madinah tashreef la rahe the.	رسول اللہ ﷺ کے چچا عباس بن عبد المطلب سے، جو مسلمان ہو کر مدینہ تشریف لا رہے تھے۔	

213	**Makkah ke raaste mein kisne Islam qubool kiya?**	**مکہ کے راستے میں کس نے اسلام قبول کیا؟**	۲۱۳
	Abu Sufyan ne.	ابوسفیان نے۔	

214	**Makkah fatah hone ke baad Rehmatullil a'alameen ﷺ (رحمتہ للعالمین) ne apne jaanisaro se kya aylaan karwaya?**	**مکہ فتح ہونے کے بعد رحمۃ للعالمین ﷺ نے اپنے جانثاروں سے کیا اعلان کروایا؟**	۲۱٤
* * *	Jo Abu Sufyan ke ghar mein panaah le, usey amaan di jayegi. Jo shakhs hathiyaar daal de, usey qatl na kiya jayega. Jo Masjid e Haram mein dakhil ho jaye, usey amaan di jayegi.	جو ابو سفیان کے گھر میں پناہ لے اُسے امان دی جائے۔ جو شخص ہتھیار ڈال دے اُسے قتل نہ کیا جائے۔ جو مسجد حرام میں داخل ہو جائے اسے امان دی جائے۔	* * *

215	**Baitullah ke aas paas aur chhat par kitne but the?**	**بیت اللہ کے آس پاس اور چھت پر کتنے بُت تھے؟**	۲۱۵
	360 but the.	تین سو ساٹھ بُت تھے۔	

216	**Rasool Allah ﷺ ne Quraish se mukhatib hokar kya kaha?**	**رسول اللہ ﷺ نے قریش سے مخاطب ہو کر کیا کہا؟**	۲۱۶
	"Quraish ke logo! Tumhara kya khayal hai, Main tumhare saath kaisa sulook karne wala hu?"	"قریش کے لوگوں! تمہارا کیا خیال ہے ، میں تمہارے ساتھ کیسا سلوک کرنے والا ہوں؟"	

217	**Ehle Quraish ne kya jawab diya?**	**اہل قریش نے کیا جواب دیا؟**	۲۱۷
	"Aap kareem hai aur kareem ke sahab zaadey hai."	"آپ کریم ہیں اور کریم کے صاحبزادے ہیں۔"	

218	**Rasool Allah ﷺ ne Makkah walo ke saath kya ma'amla kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے مکہ والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟**	۲۱۸
	Unko maaf kar diya aur unse wahi baat kahi jo Yusuf عليه السلام ne apne bhaiyon se kahi thi.	ان کو معاف کر دیا اور ان سے وہی بات کہی جو یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہی تھی۔	
لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ			
	Tarjuma- Aaj tum par koi sarzanash nahi hai. Allah tumhe bakhshey. Woh tamaam rahem karne walo se zyaada rahem karne wala hai. **(Surah Yusuf: 92)**	ترجمہ -آج تم پر کوئی سرزنش نہیں ہے۔ اللہ تمہیں بخشے۔ وہ تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ **(یوسف ۔ ۹۲)۔**	

GAZWAH E TABOOK غزوہ تبوک

219	**Rasool Allah ﷺ ki zindagi ka aakhri gazwah konsa tha?**	**رسول اللہ ﷺ کی زندگی کا آخری غزوہ کونسا تھا؟**	۲۱۹
	Gazwah e Tabook.	غزوہ تبوک۔	

220	**Kis badshah ne Madinah par hamla karne ka irada kiya tha?**	**کس بادشاہ نے مدینہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تھا؟**	۲۲۰
	Rome ke badshah Harqul ne Madinah par hamla karne ka irada kiya tha.	روم کے بادشاہ ہرقل نے مدینہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تھا۔	

221	**Gazwah e Tabook mein Islami lashkar ki ta'daad kitni thi?**	**غزوہ تبوک میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟**	۲۲۱
	30,000.	تیس ہزار۔	

222	**Tabook pohochne ke baad kya Rumiyo se jang hui?**	**تبوک پہنچنے کے بعد کیا رومیوں سے جنگ ہوئی؟**	۲۲۲
	Nahi, balke Rumiyo ke hausle toot gaye aur unhe musalmano se muqabley ki himmat nahi hui.	نہیں، بلکہ رومیوں کے حوصلے ٹوٹ گئے اور انہیں مسلمانوں سے مقابلہ کی ہمت نہیں ہوئی۔	

223	**Madinah pohochne ke baad Rasool Allah ﷺ ne sabse pehla kaam kya kiya?**	**مدینہ پہنچنے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلا کام کیا کیا؟**	۲۲۳
	Munafiqeen ke markaz (Masjid e Dirar) ko munhadim karwaya.	منافقین کے مرکز (مسجد ضرار) کو مُنہدِم کروایا۔	

224	**Gazwah e Tabook mein kitne musalman bila uzar shareek na ho sake?**	**غزوہ تبوک میں کتنے مسلمان بلا عذر شریک نہ ہو سکے؟**	۲۲٤
 * * *	Teen- Ka'ab bin Malik رضی اللہ عنہ. Murarah bin Rabee' رضی اللہ عنہ. Hilaal bin Umayyah رضی اللہ عنہ.	تین۔ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ۔ مُرارہ بن ربیع رضی اللہ عنہ۔ ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ۔	 * * *

225	**Rasool Allah ﷺ ne unke saath kya faisla kiya?**	**رسول اللہ ﷺ نے اُن کے ساتھ کیا فیصلہ کی؟**	۲۲۵
	Rasool Allah ﷺ ne un teeno ka boycott kiya aur unse kaha ke Allah ke faisle ka intezar karo.	رسول اللہ ﷺ نے ان تینوں کا بائیکاٹ کیا اور اُن سے کہا کہ اللہ کے فیصلہ کا انتظار کرو۔	

226	**Kitne dino baad Allah Ta'ala ne unki tauba qubool ki?**	**کتنے دنوں بعد اللہ تعالیٰ نے اُن کی توبہ قبول کی؟**	۲۲٦
	Woh teeno Allah se barabar	وہ تینوں اللہ سے برابر توبہ کرتے	

	tauba karte rahe, yaha tak ke pachaaswe (50) din Allah Ta'ala ne unki tauba qubool ki.	رہے یہاں تک کہ پچاسویں دن اللہ تعالیٰ نے اُن کی توبہ قبول کی۔	

227	**Gazwah e Tabook ke baad Islam mein dakhil hone ke liye kya bahar se log aaye?**	**غزوہ تبوک کے بعد اسلام میں داخل ہونے کے لیے کیا باہر سے لوگ آئے؟**	**۲۲۷**
	Ji haan, wafad ki shakal mein log aate the aur Islam qubool karte the.	جی ہاں، وفد کی شکل میں لوگ آتے تھے اور اسلام قبول کرتے تھے۔	

HAJJATUL WIDA'A حجة الوداع

228	**Hijrat ke baad Rasool Allah ﷺ ne kitne haj kiye?**	**ہجرت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کتنے حج کئے؟**	**۲۲۸**
	Ek, jo Hajjatul Wida'a ke naam se mashhoor hai.	ایک، جو حجۃ الوداع کے نام سے مشہور ہے۔	

229	**Aakhri haj (Hajjatul Wida'a) Rasool Allah ﷺ ne kis san me kiya?**	**آخری حج (حجۃ الوداع) رسول اللہ ﷺ نے کس سن میں کیا؟**	**۲۲۹**
	San 10 Hijri mein.	سن ۱۰ ھ میں۔	

230	**Rasool Allah ﷺ ke saath kitne sahaba karam رضی اللہ عنہم the?**	**رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے؟**	**۲۳۰**
	Takreeban 1 lakh, 24 hazaar ya 1 lakh 44 hazaar.	تقریبا ایک لاکھ چوبیس ہزار یا ایک لاکھ چوالیس ہزار۔	

231	**Ek musalman ka khoon aur maal ke silsile mein Aap ﷺ ne khutbe mein kya farmaya?**	**ایک مسلمان کا خون اور مال کے سلسلہ میں آپ ﷺ نے خطبہ میں کیا فرمایا؟**	**۲۳۱**
	Aap ﷺ ne farmaya: "Ek musalman ka khoon aur maal dusre musalman ke liye haraam hai,	آپ ﷺ نے فرمایا: "ایک مسلمان کا خون اور مال دوسرے مسلمان کے لیے حرام ہے بالکل اس طرح جس	

	bilkul is tarah jis tarah aaj ke din, Mahina (Zul Qa'dah) aur is sheher (Makkah) ki hurmat hai".	طرح آج کے دن، مہینہ (ذوالقعدہ) اور اس شہر (مکہ) کی حرمت ہے۔"	

232	**Aurton ke silsile mein khutbe mein kya farmaya?**	**عورتوں کے سلسلہ میں خطبہ میں کیا فرمایا؟**	**۲۳۲**
	Aap ﷺ ne farmaya: "Aurton ke baare mein Allah se daro kyuke tumne unhe Allah ki amanat ke saath liya hai aur Allah ke kalime ke zariye halaal kiya hai".	آپ ﷺ نے فرمایا: "عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو کیونکہ تم نے انہیں اللہ کی امانت کے ساتھ لیا ہے اور اللہ کے کلمہ کے ذریعہ حلال کیا ہے۔"	

233	**Aakhirat ki kamyabi ke liye Rasool Allah ﷺ ne kis cheez ko mazbooti se pakadhne ke liye farmaya?**	**آخرت کی کامیابی کے لیے رسول اللہ ﷺ نے کس چیز کو مضبوطی سے پکڑنے کے لیے فرمایا؟**	**۲۳۳**
	Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "Main tumhare darmiyan do cheezein chodh kar ja raha hu. Agar tumne unhe mazbooti se pakde rakha toh kabhi bhi gumrah nahi hoge aur woh yeh hai: Allah ki kitab (Qur'an) aur meri sunnat (hadees)".	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : "میں تمہارے درمیان دو چیز میں چھوڑ کر جا رہا ہوں اگر تم نے انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھا تو کبھی بھی گمراہ نہیں ہو گے اور وہ یہ ہیں : اللہ کی کتاب (قرآن) اور میری سنت (حدیث)۔"	

234	**Jab Aap ﷺ khutbey se faarig hue toh Allah Ta'ala ne konsi ayat nazil farmayi?**	**جب آپ ﷺ خطبہ سے فارغ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے کون سی آیت نازل فرمائی؟**	**۲۳٤**
اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا			
	Tarjuma- Aaj Maine tumhare liye tumhara deen mukammal kar diya aur tum par apni ne'mat poori kardi aur tumhare liye Islam ko bahaisiyat deen pasand kar	ترجمہ- آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو بحیثیت دین پسند کر لیا۔(المائدۃ ۔ ۳)	

	liya. (Surah Al Ma'idah).		

235	**Umar ke aakhri saal Ramzan mein Rasool Allah ﷺ ne kitne din aitekaaf kiya aur Jibreel عليه السلام ne Rasool Allah ﷺ se kitni martaba Qur'an suna?**	**عمر کے آخری سال رمضان میں رسول اللہ ﷺ نے کتنے دن اعتکاف کیا اور جبرئیل علیہ السلام نے رسول اللہ ﷺ سے کتنی مرتبہ قرآن سنا؟**	۲۳۵
	Umar ke aakhri saal Ramzan mein Rasool Allah ﷺ ne 20 din aitekaaf kiya aur Jibreel عليه السلام ne Rasool Allah ﷺ se 2 martaba pura Qur'an suna.	عمر کے آخری سال رمضان میں رسول اللہ ﷺ نے ۲۰ دن اعتکاف کیا اور جبرئیل علیہ السلام نے رسول اللہ ﷺ سے دو مرتبہ پورا قرآن سنا۔	

WAFAAT وفات

236	**Aap ﷺ kab bimaar hue?**	**آپ ﷺ کب بیمار ہوئے؟**	۲۳۶
	San 11 Hijri, Mah e Safar ke aakhri Chahaar Shambah (Wednesday) ko bimaar hue.	سن ۱۱ھ، ماہ صفر کے آخری چہار شنبہ کو بیمار ہوئے۔	

237	**Rasool Allah ﷺ ne aakhri wasiyat kya ki?**	**رسول اللہ ﷺ نے آخری وصیت کیا کی؟**	۲۳۷
	Aap ﷺ ne farmaya: "Tum se pehle jo log the woh apne ambiya' aur buzurgo ki qabron ko sajdagaah bana lete the, tum log qabron ko sajdagaah na banana. Main tumhe isse mana karta hu. "	آپ ﷺ نے فرمایا : "تم سے پہلے جو لوگ تھے وہ اپنے انبیاء اور بزرگوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیتے تھے تم لوگ قبروں کو سجدہ گاہ نہ بنانا، میں تمہیں اس سے منع کرتا ہوں۔"	

238	**Rasool Allah ﷺ ne Yahood wa Nasara ke silsile mein kya farmaya?**	**رسول اللہ ﷺ نے یہود و نصاریٰ کے سلسلہ میں کیا فرمایا؟**	۲۳۸
	Yahood wa Nasara par Allah ki	یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو،	

	la'anat ho, unhone apne ambiya' aur saliheen ki qabron ko sajdagaah bana liya.	انھوں نے اپنے انبیاء اور صالحین کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا۔	

239	**Rasool Allah ﷺ ne apni qabr ke baare mein kya farmaya?**	**رسول اللہ ﷺ نے اپنی قبر کے بارے میں کیا فرمایا؟**	**٢٣٩**
	Meri qabr ko sajdagaah na banana aur na hi uski pooja karna.	میری قبر کو سجدہ گاہ نہ بنانا اور نہ ہی اس کی پوجا کرنا۔	

240	**Wafaat se pehle Rasool Allah ﷺ ke ghar ki haalat kya thi?**	**وفات سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے گھر کی حالت کیا تھی؟**	**٢٤٠**
* * * * *	Aap ﷺ ke ghar mein jo kuch tha, sab sadaqah kar diya. Aap ﷺ ke paas 7 dinar the, usey sadaqah kar diya. Hathiyaar musalmano ko hiba kar diya. Chirag mein tel khatm hone ki wajah se padosi ke ghar se tel lekar chirag roshan kiya gaya tha. Aap ﷺ ki zirah ek yahoodi ke paas 30 sa'a yani 75 kilo jow ke iwaz girwi thi.	آپ ﷺ کے پاس سات دینار تھے اُسے صدقہ کر دیا۔ آپ ﷺ کے گھر میں جو کچھ تھا سب صدقہ کر دیا۔ ہتھیار مسلمانوں کو ہبہ کر دیا۔ چراغ میں تیل ختم ہونے کی وجہ سے پڑوسی کے گھر سے تیل لے کر چراغ روشن کیا گیا تھا۔ آپ ﷺ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تھیں ٣٠ صاع یعنی ۷۵ کلو جو کے عوض گروی تھی۔	* * * * *

241	**Rooh qabz hone se pehle Rasool Allah ﷺ ki zabaan e mubarak se wasiyat ke alfaaz kya nikle?**	**روح قبض ہونے سے پہلے رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے وصیت کے الفاظ کیا نکلے؟**	**٢٤١**
الصَّلَاةُ الصَّلَاةُ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ			
	"Namaz, namaz aur tumhare ma tehet rehne wale yani laundi wa gulaam ka khayal rakhna."	"نماز، نماز اور تمہارے ماتحت رہنے والے یعنی لونڈی و غلام کا خیال رکھنا۔"	

242	**Kis haalat mein Aap ﷺ ke Jismi**	**کس حالت میں آپ ﷺ کے جسم اطہر**	**٢٤٢**

	Athar se rooh nikli?	سے روح نکلی؟	
	Rooh nikalne se pehle Aap ﷺ ki zabaan e mubarak par yeh alfaaz the: “Un ambiya' shuhada' aur saliheen ke saath jinhe tu ne in'aam se nawaaza. Aye Allah! Mujhe baksh de, mujh par rahem kar aur mujhe Rafeeq Aala mein pohocha de.”	روح نکلنے سے پہلے آپ ﷺ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ تھے: "ان انبیاء، شہداء اور صالحین کے ساتھ جنہیں تو نے انعام سے نوازا۔ اے اللہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم کر اور مجھے رفیق اعلیٰ میں پہنچادے۔"	
اللّٰهُمَّ الرَّفِيقَ الْأَعْلٰى			
	"Allah hi Rafeeq Aala hai.”	"اللہ ہی رفیق اعلی ہے۔"	

243	Kis tareekh ko Rasool Allah ﷺ Rafeeqi Aala se ja mile aur Madinah mein kitne saal zindagi guzaari?	کس تاریخ کو رسول اللہ ﷺ رفیق اعلیٰ سے جا ملے اور مدینہ میں کتنے سال زندگی گزاری؟	۲۴۳
	Rasool Allah ﷺ 2 Shambah, 12 Rabbiul Awwal, San 11 Hijri, 63 saal ki umar mein Rafeeq Aala se ja mile. Is tarah Aap ﷺ ne Madinah mein 10 saal zindagi guzaari.	رسول اللہ ﷺ دو شنبہ / ۱۲ ربیع الاول، سن ۱۱ھ، ٦۳ سال کی عمر میں رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔ اس طرح آپ ﷺ نے مدینہ میں دس سال زندگی گزاری۔	

244	Aap ﷺ ki kitni biwiyan Aap ﷺ ke saath thi aur kitni biwiyan Aap ﷺ ki wafaat se pehle wafaat paayi?	آپ ﷺ کی کتنی بیویاں آپ کے ساتھ تھیں اور کتنی بیویاں آپ کی وفات سے پہلے وفات پائیں؟	۲۴۴
	9 biwiyan ba hayaat thi aur do Aap ﷺ ki zindagi hi mein wafaat pa chuki thi.	نو بیویاں با حیات تھیں اور دو آپ ﷺ کی زندگی ہی میں وفات پا چکی تھیں۔	

245	Azwaaj e Mutaharaat ke naam batao.	ازواج مطہرات کے نام بتاؤ؟	۲۴۵
1	Ummul Mu'mineen Khadija	ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا۔	۱

	رضی اللہ عنہا.		
2	Ummul Mu'mineen Sawdah bint Zama' رضی اللہ عنہا.	ام المومنین سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا۔	۲
3	Ummul Mu'mineen Aisha bint Abi Bakr رضی اللہ عنہا.	ام المومنین عائشہ بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا۔	۳
4	Ummul Mu'mineen Hafsa bint Umar bin Khattab رضی اللہ عنہا.	ام المومنین حفصہ بنت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہا۔	٤
5	Ummul Mu'mineen Zainab bint Khuzaima halaliya رضی اللہ عنہا.	ام المومنین زینب بنت خزیمہ ہلالیہ رضی اللہ عنہا۔	۵
6	Ummul Mu'mineen Umme Salama bint Abi Umayya رضی اللہ عنہا.	ام المومنین ام سلمہ بنت ابی امیہ رضی اللہ عنہا۔	٦
7	Ummul Mu'mineen Zainab bint Jahsh رضی اللہ عنہا.	ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا۔	۷
8	Ummul Mu'mineen Juveriya bint Al Haris رضی اللہ عنہا.	ام المومنین جویریہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا۔	۸
9	Ummul Mu'mineen Umme Habibah Ramla bint Abi Sufyan رضی اللہ عنہا.	ام المومنین ام حبیبہ رملہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا۔	۹
10	Ummul Mu'mineen Safiya bint Huyayy ibn Akhtab رضی اللہ عنہا.	ام المومنین صفیہ بنت حی ابن اخطب رضی اللہ عنہا۔	۱۰
11	Ummul Mu'mineen Maimunah bint Al Haris رضی اللہ عنہا.	ام المومنین میمونہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا۔	۱۱

246	**Rasool Allah ﷺ ke kitne bete the aur unka inteqal kab hua?**	**رسول اللہ ﷺ کے کتنے بیٹے تھے اور اُن کا انتقال کب ہوا؟**	۲٤٦
	Teen:	تین:	
1.	Qasim jo Khadija رضی اللہ عنہا ke batan se the. 2 saal ki umar mein wafaat paaye. Aur ussi bete ki nisbat Aap ﷺ ki kuniyat Abul Qasim thi.	١-قاسم جو خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے، دو سال کی عمر میں وفات پائی اور اسی بیٹے کی نسبت آپ ﷺ کنیت ابو القاسم تھی۔	۱
2.	Abdullah (Khadija ke batan se) bachpan mein hi wafaat paaye.	عبد اللہ (خدیجہ کے بطن سے) بچپن میں ہی وفات پائی۔	۲
3.	Ibrahim 18 mahine ki umar mein wafaat paaye (Rasool Allah ﷺ ki	ابراہیم اٹھارہ مہینہ کی عمر میں وفات پائی (رسول اللہ ﷺ کی لونڈی ماریہ قبطیہ کے بطن سے تھے۔)	۳

	laundi Mariya Qibtiyya ke batan se the).		

247	**Rasool Allah ﷺ ko kitni betiyan thi?**	**رسول الله ﷺ کو کتنی بیٹیاں تھیں؟**	٢٤٧
 1. **2.** **3.** **4.**	Chaar: Zainab رضی الله عنها. Ruqaiyyah رضی الله عنها. Umme Kulsum رضی الله عنها. Fatima رضی الله عنها.	چار: زینب رضی اللہ عنہا۔ رقیہ رضی اللہ عنہا ۔ ام کلثوم رضی اللہ عنہا ۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا۔	 ١ ٢ ٣ ٤

248	**Usman رضی الله عنه ko Zunnurain kyu kaha jata hai?**	**عثمان رضی اللہ عنہ کوذوالنورین کیوں کہا جاتا ہے؟**	٢٤٨
	Unko Zunnurain (do noor wale) kaha jata tha, is liye ke Rasool Allah ﷺne apni do betiyon se unki shaadi ki thi, pehli beti Ruqaiyyah رضي الله عنها ,unki wafaat ke baad dusri beti Umme Kulsum رضي الله عنها se unka nikah karwaya tha.	ان کو ذوالنورین (دونور والے) کہا جاتا تھا، اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی دو بیٹیوں سے ان کی شادی کی تھی ، پہلی بیٹی رقیہ رضي الله عنها ، ان کی وفات کے بعد دوسری بیٹی ام کلثوم رضي الله عنها سے ان کا نکاح کروایا تھا۔	

249	**Rasool Allah ﷺ ki betiyan Zainab aur Fatima رضی الله عنهما ki shaadi kis kis se hui?**	**رسول اللہ ﷺ کی بیٹیاں زینب اور فاطمہ رضی اللہ عنہما کی شادی کس کس سے ہوئی ؟**	٢٤٩
	Zainab رضی الله عنها ki shaadi Abul Aas bin Arabi' رضی الله عنه ke saath aur Fatima رضی الله عنها ki shaadi Ali رضی الله عنه ke saath hui.	زینب رضی اللہ عنہا کی شادی ابو العاص بن الربیع رضی اللہ عنہ کے ساتھ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوئی۔	

250	**Rasool Allah ﷺ ke inteqal ke baad musalmano ke kon Khalifa banaye gaye?**	**رسول اللہ ﷺ کے انتقال کے بعد مسلمانوں کے کون خلیفہ بنائے گئے؟**	٢٥٠
	Abu Bakr رضی الله عنه.	ابو بکر رضی اللہ عنہ۔	

انبیاء علیھم السلام کے نام

قرآن مجید میں (۲۵) انبیاء علیہم السلام کے نام آئے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

AMBIYA' علیہ السلام KE NAAM

Qur'an Majeed mein 25 Ambiya' علیہ السلام ke naam aaye hai :

6	5	4	3	2	1
لوط Lut علیہ السلام	صالح Salih علیہ السلام	ھود Hud علیہ السلام	نوح Nuh علیہ السلام	ادریس Idrees علیہ السلام	آدم Adam علیہ السلام

12	11	10	9	8	7
شعیب Shuaib علیہ السلام	یوسف Yusuf علیہ السلام	یعقوب Yaqoob علیہ السلام	اسحاق Ishaaq علیہ السلام	اسماعیل Ismail علیہ السلام	ابراھیم Ibrahim علیہ السلام

18	17	16	15	14	13
الیاس Ilyas علیہ السلام	ھارون Harun علیہ السلام	موسیٰ Musa علیہ السلام	یونس Yunus علیہ السلام	ذو الکفل Zul Kifl علیہ السلام	ایوب Ayyub علیہ السلام

24	23	22	21	20	19
عیسیٰ Isa علیہ السلام	یحییٰ Yahya علیہ السلام	زکریا Zakariya علیہ السلام	سلیمان Sulaiman علیہ السلام	داود Dawood علیہ السلام	یسع Yasa علیہ السلام

25
محمد بن عبد اللہ خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ Muhammad bin Abdullah Khatimul Ambiya' Wal Mursaleen ﷺ

ASHRA E MUBASHIRAH رضي الله عنهم

Woh 10 sahaba karam رضي الله عنهم jinko Allah ke Rasool ﷺ ne duniya hi mein Jannat ki khushkhabri di, un khushnaseebo ke naam yeh hai :-

1	Abu Bakr As Siddiq رضي الله عنه
2	Umar bin Al Khattab رضي الله عنه
3	Usman bin Affan رضي الله عنه
4	Ali bin Abi Talib رضي الله عنه
5	Saad bin Abi Waqas رضي الله عنه
6	Abu Ubaydah bin Al Jarrah رضي الله عنه
7	Talha bin Abaidullah رضي الله عنه
8	Zubair bin Al Awaam رضي الله عنه
9	Saeed bin Zaid رضي الله عنه
10	Abdur Rahman bin Auf رضي الله عنه

عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم

وہ دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جن کو اللہ کے رسول ﷺ نے دنیا ہی میں جنت کی خوشخبری دی ، ان خوش نصیبوں کے نام یہ ہیں۔

ابو بكر الصديق رضي الله عنه	١
عمر بن الخطاب رضي الله عنه	٢
عثمان بن عفان رضي الله عنه	٣
علی بن ابی طالب رضي الله عنه	٤
سعد بن ابی وقاص رضي الله عنه	٥
ابو عبیدہ بن الجراح رضي الله عنه	٦
طلحہ بن عبید اللہ رضي الله عنه	٧
زبیر بن العوام رضي الله عنه	٨
سعید بن زید رضي الله عنه	٩
عبد الرحمٰن بن عوف رضي الله عنه	١٠

خلفائے راشدین اور ان کی مدت خلافت
KHULFA E RASHIDEEN AUR UNKI MUDDAT KHILAFAT

1	2 Saal, 3 Mah	Abu Bakr As Siddiq رضي الله عنه	۲ سال ۳ ماہ	أبو بكر الصديق رضي الله عنه	۱
2	10 Saal, 6 Mah	Umar bin Al Khattab رضي الله عنه	۱۰ سال ٦ ماہ	عمر بن الخطاب رضي الله عنه	۲
3	11 Saal, 11 Mah	Usman bin Affan رضي الله عنه	۱۱ سال ۱۱ ماہ	عثمان بن عفان رضي الله عنه	۳
4	4 Saal, 9 Mah	Ali bin Abi Talib رضي الله عنه	٤ سال ۹ ماہ	على بن أبي طالب رضي الله عنه	٤

مشہور محدثین اور ان کی کتابیں
MASHHOOR MUHADDISEEN AUR UNKI KITABEIN

1	Imam Bukhari رحمة الله عليه	Sahih Bukhari	صحیح بخاری	امام بخاری رحمة الله عليه	۱
2	Imam Abu Muslim رحمة الله عليه	Sahih Muslim	صحیح مسلم	امام ابو مسلم رحمة الله عليه	۲
3	Imam Dawood رحمة الله عليه	Sunan Abu Dawood	سنن ابو داود	امام داود رحمة الله عليه	۳
4	Imam Tirmizi رحمة الله عليه	Sunan Tirmizi	سنن ترمذی	امام ترمذی رحمة الله عليه	٤
5	Imam Nisaai رحمة الله عليه	Sunan Nisaai	سنن نسائی	امام نسائی رحمة الله عليه	٥
6	Imam Ibn Majah رحمة الله عليه	Sunan Ibn Majah	سنن ابن ماجه	امام ابن ماجه رحمة الله عليه	٦
7	Imam Ibn Hambal رحمة الله عليه	Musnad Ahmad	مسند احمد	امام ابن حنبل رحمة الله عليه	۷
8	Imam Darmi رحمة الله عليه	Sunan Darmi	سنن دارمی	امام دارمی رحمة الله عليه	۸
9	Imam Malik رحمة الله عليه	Muta' Imam Malik	مؤطا امام مالك	امام مالك رحمة الله عليه	۹

ISLAMI DINO KE NAAM اسلامی دنوں کے نام

1	يَوْمُ الْأَحَد	First Day	Sunday	اِتوار
2	يَوْمُ الْإِثْنَيْن	Second Day	Monday	سوموار پیر
3	يَوْمُ الثَّلَاثَاء	Third Day	Tuesday	منگل
4	يَوْمُ الْأَرْبِعَاء	Fourth Day	Wednesday	بدھ
5	يَوْمُ الْخَمِيْس	Fifth Day	Thursday	جمعرات
6	يَوْمُ الجُمعَة	Day of Gathering	Friday	جمعہ
7	يَوْمُ السَّبْت	Rest Day	Saturday	ہفتہ سنیچر

ISLAMI MAHINO KE NAAM اسلامی مہینوں کے نام

1	Muharram	مُحَرَّم
2	Safar	صَفَرْ
3	Rabbiul Awwal	رَبِيْعُ الْأَوَّل
4	Rabbius Sani	رَبِيْعُ الثَّانِيْ
5	Jumaadal Ula	جُمَادَىٰ الْأُولىٰ
6	Jumaadal Ukhra	جُمَادَىٰ الْأُخْرَىٰ
7	Rajab	رَجبْ
8	Shabaan	شَعْبَان
9	Ramadan	رَمَضَان
10	Shawwal	شَوَّال
11	Zul Qadah	ذُو الْقَعْدَة
12	Zul Hijjah	ذَو الْحَجَّة

ISLAMI ADAAB اسلام آداب

گھر یا کمرہ میں داخل ہونے کے آداب	کھانے پینے کے آداب	سونے کے آداب
۱۔ بغیر اجازت کے کسی کے گھر یا کمرہ میں ہرگز داخل نہ ہو۔ ۲۔ تین مرتبہ نرمی سے دروازہ پر دستک دیں اور سلام کریں۔ ۳۔ اجازت ملنے پر ہی گھر یا کمرہ میں داخل ہوں۔ ٤۔ فجر سے پہلے، قیلولہ کے وقت اور عشاء کے بعد والدین کے کمرہ میں بلا اجازت داخل نہ ہوں۔ ۵۔ گھر سے نکلنے کی دعا پڑھیں۔	ا۔ کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کہیں۔ ۲۔ کسی بھی کھانے کو عیب نہ لگا ئیں ۔ ۳۔ دائیں ہاتھ سے کھائیں اور پئیں۔ ٤۔ اگر کھانے سے پہلے بسم اللہ کہنا بھول جائیں تو یاد آنے پر "بسم اللہ اولہ وآخرہ " کہیں۔ ۵۔ کھانے کے بعد دعا پڑھیں۔ ٦۔ پانی تین سانس میں پئیں۔ ۷۔ کھانے پینے کی چیزوں میں ہرگز نہ پھونکیں۔	ا۔ عشاء کے بعد فوراً سو جائیں۔ ۲۔ سونے سے پہلے وضو کریں۔ ۳۔ دائیں کروٹ پر سوئیں، پیٹ کے بل ہر گز نہ سوئیں۔ ٤۔ سونے سے پہلے یہ سورتیں پڑھ کر اپنے جسم پر ہاتھ پھیریں۔ (سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق سورۃ الناس) ۵۔ سونے سے پہلے آیۃ الکرسی اور دوسری دعائیں پڑھیں ٦۔ سو کر اٹھنے کے بعد دعا پڑھیں۔

Ghar ya kamre mein dakhil hone ke adaab	Khane peene ke adaab	Sone ke adaab
1. Bagair ijazat ke kisi ke ghar ya kamre mein hargiz dakhil na ho. 2. 3 martaba narmi se darwaze par dastak de aur salam kare. 3. Ijazat milne par hi ghar ya kamre mein dakhil ho. 4. Fajr se pehle qailula ke waqt aur isha ke baad walidayn ke kamre mein bila ijazat dakhil na ho. 5. Ghar se nikalne ki dua padhe.	1. Khana shuru karne se pehle "Bismillah" kahe. 2. Kisi bhi khane ko aib na lagaye. 3. Daaye haath se khaye aur piye. 4. Agar khane se pehle "Bismillah" kehna bhul jaye, toh yaad aane par "بسم اللہ اولہ و آخرہ" kahe. 5. Khane ke baad dua padhe. 6. Pani 3 saas mein piye. 7. Khane pine ki cheezo mein hargiz na phooke.	1. Isha ke baad fauran so jaye. 2. Sone se pehle wuzu kare. 3. Daaye karwat par soye. Pait ke bal hargiz na soye. 4. Sone se pehle yeh suratein padhkar apne jism par haath phere - Surah Ikhlas, Falaq, Naas. 5. Sone se pehle Aytul Kursi ya dusri duaen padhe. 6. Sokar uthne ke baad dua padhe.

والدین واساتذہ کے آداب	**لباس کے آداب**	**بیت الخلاء کے آداب**
۱۔ والدین اور اساتذہ کے ساتھ ہمیشہ اچھا سلوک کریں۔ ۲۔ اطاعت و فرمانبرداری میں کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔ ۳۔ اللہ کی نافرمانی کا حکم دیں تو ان کا کہنا نہ مانیں۔ ٤۔ ان کے سامنے اونچی آواز سے بات نہ کریں۔ ۵۔ ان کے لیے ہمیشہ دعا کرتے رہیں۔ ٦۔ ان کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرتے رہیں۔	۱۔ مرد کا لباس عورت اور عورت کا لباس مرد نہ پہنے۔ ۲۔ کپڑا پہننے کی دعا پڑھیں۔ ۳۔ کپڑا اتارتے وقت بسم اللہ پڑھیں۔ ٤۔ مرد ٹخنوں سے نیچے کپڑا نہ پہنے۔ ۵۔ عورت ٹخنوں کو کپڑے سے ڈھا کے رکھے۔ ٦۔ ریشم اور سونا مردوں کے لیے حرام ہے اور عورتوں کے لیے حلال ہے۔ ۷۔ موزے اور جوتے پہنتے وقت دائیں جانب سے شروع کریں اور نکالتے وقت بائیں سے نکالیں۔	۱۔ بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت بائیں پیر داخل کریں۔ ۲۔ بیت الخلاء میں داخل ہونے کے وقت دعا پڑھیں۔ ۳۔ ایسی چیز کے ساتھ داخل نہ ہو جس پر قرآنی آیات وغیرہ لکھی ہو ٤۔ نجاست کو پانی سے اچھی طرح دھوئیں ۔ ۵۔ بیت الخلاء سے نکلتے وقت دایاں پیر باہر نکالیں۔ ٦۔ باہر نکلنے کے بعد دعا پڑھیں۔ ۷۔ حاجت پوری کرنے کے بعد مٹی یا صابن سے ہاتھ دھوئیں۔

Walidayn wa Ustaza ke adaab	**Libaas ke adaab**	**Baitul khala ke adaab**
1. Walidayn aur Ustaza ke saath hamesha accha sulook kare. 2. Ita'at wa farma bardari mein koi qasr baaqi na rakhe. 3. Allah ki na farmani ka huqm de toh unka kehna na maane. 4. Unke saamne unchi awaaz se baat na kare. 5. Unke liye hamesha dua karte rahe. 6. Unke dosto ke saath husne sulook karte rahe.	1. Mard ka libaas aurat aur aurat ka libaas mard na pehne. 2. Kapda pehenne ki dua padhe. 3. Kapda utarte waqt "Bismillah" padhe. 4. Mard takno se niche kapda na pehne. 5. Aurat takno ko kapde se dhaake rakhe. 6. Resham aur sona mardo ke liye haram hai aur aurto ke liye halal. 7. Moze aur joote pehente waqt daaye janib se shuru kare aur nikalte waqt baaye se nikale.	1. Baitul khala mein dakhil hote waqt baaya pair dakhil kare. 2. Baitul khana mein dakhil hone ke waqt dua padhe. 3. Aisi cheez ke sath dakhil na ho jis par "Qur'ani ayat" wagairah likhi ho. 4. Najaasat ko pani se acchi tarah dhoye. 5. Baitul khala se nikalte waqt daaya pair bahar nikale. 6. Bahar nikalne ke baad dua padhe. 7. Haajat poori karne ke baad mitti ya sabun se haath dhoye.

مخارج

مخارج ۔ وہ جگہ جہاں سے حروف ادا ہوتی ہے ۔
مخارج مخرج کی جمع ہے اور حروف حرف کی جمع ہے۔

حلق ۔الحُرُوف الحَلْقِيَّة

١	اقصیٰ حلق	ء ہ	حلق کے آخری حصے سے ادا ہوتی ہے۔
٢	وسط حلق	ع ح	حلق کے بیچ حصے سے ادا ہوتی ہے۔
٣	ادنیٰ حلق	غ خ	حلق کے پہلے حصے سے ادا ہوتی ہے۔

لسان
الحُرُوف اللَّهَوِيَّة

١	اقصیٰ اللسان	ق	زبان کی جڑ تالو کو لگنے سے ادا ہوتا ہے۔
٢	اقصیٰ اللسان	ك	ق کے مخرج سے تھوڑا باہر کی جانب سے ادا ہوتا ہے۔

الحُرُوف الشَّجَرِيَّة

٣	وسط اللسان	ج ش ي	زبان کا بیج حصہ اوپر کے تالو کو لگنے سے ادا ہوتی ہے۔

الحُرُوف الحَافِيَة

٤	حافة اللسان	ض	زبان کی کروٹ اوپر والے داڑھوں کولگنے سے ادا ہوتا ہے۔

الحُرُوف الذَّلَقِيَّة

5	طرفة اللسان	ل ن ر	زبان کا کنارہ اوپر والے دانتوں کے مسوڑھوں کو لگنے سے ادا ہوتی ہے۔

الحُرُوف النَّطَعِيَّة

٦	رأس اللسان	ت د ط	زبان کی نوک ثنایا علیاء کی جڑ کو لگنے سے ادا ہوتے ہے۔

الحُرُوف اللَثَوِيَّة

٧	رأس اللسان	ث ذ ظ	زبان کی نوک ثنایا علیاء کے کنارے کو لگنے سے ادا ہوتے ہے۔

الحُرُوف الاَسَلِيّة

٨	رأس اللسان	ز س ص	زبان کی نوک ثنایا علیا اور سنایا سفلی کے کنارے کو لگنے سے ادا ہوتی ہے۔

شفتان
الحُرُوف الشفوية

١	ف	ثنایا علیاء کا کنارا نیچے والے ہونٹ کے گیلے حصے کو لگنے سے ادا ہوتا ہے۔
٢	ب	دونوں ہونٹو کے گیلے حصے ملانے سے ادا ہوتا ہے۔
٣	م	دونوں ہونٹو کے سوکھے حصے ملانے سے ادا ہوتا ہے۔
٤	و	دونوں ہونٹو کو گول کرنے سے ادا ہوتا ہے۔

١	جوف	ا و ی	منہ کے خالی حصے سے ادا ہوتا ہے۔
٢	الخیشوم یعنی ناک کا بانسہ	ن م	قرآن میں جہاں کہیں ن اور م پر تشدید آئے تو خیشوم سے غنّہ ادا ہوگا۔

MAKHAARIJ

MAKHAARIJ: Woh jagah jaha se huroof ada hote hai.
Makhaarij makhraj ki jama hai aur Huroof harf ki jama hai.

HALAQ- HUROOF E HALAQIYYAH

1	Aqsa Halaq	ء ه	Halaq ke aakhri hisse se ada hote hai.
2	Wast Halaq	ع ح	Halaq ke middle hisse se ada hote hai.
3	Adna Halaq	غ خ	Halaq ke pehle hisse se ada hote hai.

LISAAN

HUROOF E LIHANIYYAH

1	Aqsa Lisaan	ق	Zabaan ki jadh taalu ko lagne se ada hota hai.
2	Aqsa Lisaan	ك	ق ke makhraj se thoda baher ki janib se ada hota hai.

HUROOF E SHAJARIYYAH

3	Wast Lisaan	ج ش ي	Zabaan ka middle hissa upar ke taalu ko lagne se ada hote hai.

HARF E HAFIYYAH

4	Hafa Lisaan	ض	Zabaan ki karwat upar wale daadhon ko lagne se ada hota hai.

HUROOF E ZALAQIYYAH

5	Taraf Lisaan	ل ن ر	Zabaan ka kinara, upar wale danton ke masudon ko lagne se ada hote hai.

HUROOF E NAT'EEYYAH

6	Raas Lisaan	ت د ط	Zabaan ki nok Sanaya Ulya ki jadh ko lagne se ada hote hai.

HUROOF E LASAWIYYAH

7	Raas Lisaan	ث ذ ظ	Zabaan ki nok Sanaya Ulya ke kinaare ko lagne se ada hote hai.

HUROOF E ASALIYYAH

8	Raas Lisaan	ز س ص	Zabaan ki nok Sanaya Ulya aur Sanaya Sufla ke kinaare ko lagne se ada hote hai.

SHAFATAAN- HUROOF E SHAFWIYYAH

1	ف	Sanaya Ulya ka kinaara niche wale honth ke gile hisse ko lagne se ada hota hai.
2	ب	Dono hothon ke gile hisse milaane se ada hota hai.
3	م	Dono hothon ke sukhe hisse milaane se ada hota hai.
4	و	Dono hothon ko gol karne se ada hota hai.

1	Jauf	ا و ى	Munh ke khaali hisse se ada hota hai.
2	Al Khaishoom Yani naak ka bansa.	ن م	Qur'an me jaha kahi ن aur م par tashdeed aaye to khaishoom se ghunna ada hoga.

TAJWEED QAWAID تجوید قواعد

TANWEEN

Dammatain Kasratain Fat’hatain

Fat’ha َ Dammah ُ Kasra ِ ko HARKAAT kehte hai. Harkaat ko zara bhi nahi khichna chahiye.	فتحہ َ, ضمہ ُ کسرہ ِ کو حرکات کہتے ہے۔ حرکت کو زرا بھی نہیں کھیچنا چاہیے۔
Alif hamesha Harkaat se khaali hota hai. Jis Alif par Harkaat ho, woh Hamza kehlaata hai.	الف ہمیشہ حرکات سے خالی ہوتا ہے۔ جس الف پر حرکات ہو وہ ہمزہ کہلاتا ہے۔
Fat’hatain ً Dammatain ٌ kasratain ٍ ko TANWEEN kehte hai.	فَتحتین ، ً ضمتین ٌ کسرتیں ٍ کو تنوین کہتے ہے۔

Jazm ek alaamat hai aur jazm ko sukoon bhi kehte hai. Jis harf par Jazm (Sukoon) ho toh us harf ko Sakin kehte hai. Jis harf par Jazm ya sukoon ho, us harf ki awaaz piche wale harf se milkar ek awaaz ban jati hai. Jaise:- اَفْ، اَمْ wagairah. Hamzah e Sakinah ke padhne mein jhatka hota hai.	جزم ایک علامت ہے اور جزم کو سکون بھی کہتے ہیں۔ جس حرف پر جزم (سکون) ہو تو اس حرف کو ساکن کہتے ہیں ۔ جس حرف پر جزم یا سکون ہو اس حرف کی آواز پیچھے والے حرف سے مل کر ایک آواز بن جاتی ہے جیسے : اَفْ، اَمْ وغیرہ۔ ہمزہ ساکنہ کے پڑھنے میں جھٹکا ہوتا ہے۔

Huroof e Mufakhkham wa Muraqqaq حروف مفخم و مرقق

Hamesha Mufakhkham padhe jaane wale huroof-	Kabhi Mufakhkham, kabhi Muraqqaq padhe jaane wale huroof-	In 10 huroof ke alawa baaqi saare huroof Muraqqaq padhe jaate hai.
ہمیشہ مفخم پڑھے جانے والے حروف۔	کبھی مفخم، کبھی مرقق پڑھے جانے والے حروف۔	ان ۱۰ حروف کے علاوہ باقی سارے حروف مرقق پڑھے جاتے ہے۔
ص ض ط ظ غ خ ق	ا ل ر	

HUROOFE MADDAH	حروف مده
MADD: Ka matlab – Khichna. Huroof e Maddah 3 hai. Huroof e Maddah ko 2 harkaat ke barabar khinch kar padhe.	**مد** کا مطلب۔ کھینچنا۔ حروف مده۳ ہے .حروف مده کو 2 حرکت کے برابر کھینچ کر پڑھے۔
Note : Jis Alif par Sakin ho toh usko jhatka de kar padha jata hai, jaise : **بَاْ** .	**نوٹ** :جس الف پر ساکن ہو تو اسکو جھٹکا دے کر پڑھا جاتا ہے جیسے: **بَاْ**

HUROOF E MADDAH حروف مده

Alif se pehle Fat'ha ho toh woh Alif Maddah hoga.	Waw Sakin se pehle Damma ho toh woh Waw Maddah hoga.	Ya Sakin se pehle Kasra ho toh woh Ya Maddah hoga.
الف سے پہلے فتحہ ہو تو وہ الف مده ہوگا۔	واو ساکن سے پہلے ضمہ ہو تو وہ واو مده ہو گا۔	یا ساکن سے پہلے کسرہ ہو تو وہ یا مده ہو گا۔

Huroof e Leen حروفِ لین

Jab Waw Sakin se pehle Fat'ha ho toh woh Waw Leen hoga. جب واو ساکن سے پہلے فتحہ ہو تو وہ واو لین ہو گا۔ جیسے : بَوْ	Jab Ya Sakin se pehle Fat'ha ho toh woh Ya Leen hoga. جب یا ساکن سے پہلے فتحہ ہو تو وہ یا لین ہو گا۔ جیسے : بَیْ

TASHDEED (ّ) س ke sar ka nishaan, jo do harfon ko sakhti se milaakar padhne ke liye lagaya jata hai. Isko Tashdeed kehte hai.Tashdeed wale harf ko do baar padhenge. Ek baar pehle wale harf se milaakar aur ek baar khud usey padhenge. Jaise اَبَّ hamza ba fat'ha اَبْ ba fat'ha ba اَبَّ	**تشدید** (ّ) س کے سر کا نشان، جو دو حرفوں کو سختی سے ملاکر پڑھنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ اس کو تشدید کہتے ہیں ۔ تشدید والے حرف کو دو بار پڑھیں گے۔ ایک بار پہلے والے حرف سے ملا کر اور ایک بار خود اسے پڑھیں گے۔ جیسے اَبَّ، ہمزہ با فتحہ اَبْ با فتحہ بَ اَبَّ
QALQALA ke ma'ani hai khadh khadhaana, khat khataana, takraana wagairah. Inka majmuah قُطْبُ جَدٍّ hai. Jab inpar jazm ho toh padhte waqt inki awaaz inke makhraj se takkar khaa kar alag ho jati hai. (Note: Huroofe Qalqalah ke alava kisi bhi jazm wale harf mein Qalqalah nahi hoga.)	**قلقلہ** کے معنی ہیں کھڑ کھڑانا، کھٹکھٹانا، ٹکرانا وغیرہ ۔ انکا مجموعہ قُطْبُ جَدٍّ ہے۔ جب ان پر جزم ہو تو پڑھتے وقت ان کی آواز ان کے مخرج سے ٹکر کھا کر الگ ہو جاتی ہے۔ (نوٹ : حروف قلقلہ کے علاوہ کسی بھی جزم والے حرف میں قلقلہ نہیں ہوگا)۔
● Jis Noon ن par jazm ho usko **Noon Sakin** kehte hai . Tanween aur Noon Sakin ki awaaz yaksa (barabar) hoti hai, jaise :- بَنْ= با	* جس نون پر جزم ہو اسکو **نون ساکن** کہتے ہے۔ تنوین اور نون ساکن کی آواز یکساں (برابر) ہوتی ہے۔ جیسے - بَنْ= باً
☆Agar Noon Sakin ya Tanween ke baad Huroofe Tahajji mein se koi harfe Mutaharrik (fat'ha ,kasra , dammah wale) aaye toh uske 4 ahkaam hai .	☆ نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف تہجّی میں سے کوئی حرف متحرک ۔ فتحہ ، کسرہ ، ضمّہ والے آئے تو اُسکے ٤ احکام ہے ۔

TANWEEN AUR NOON SAKIN KE QAIDE

Izhaar

Izhaar (Zahir karna) : Agar kisi kalme mein Noon Sakin ya Tanween ke baad Huroof e Halaqqiyah aaye toh ن ka izhaar kar ke padhenge aur gunna nhi hoga,

Izhaar ke Huroof :

ء، ہ ، ع ، ح ، غ ، خ

Jaise : مِنْ خَلَق، كُفُواً اَحَد

Iqlaab

Iqlaab: (Badalna)

Agar kisi kalme mein Noon Sakin ya Tanween ke baad ب ho toh ن ko م mein badal ke gunna ke saath padhenge .

Jaise :

مَنْۢ بَخِلَ , اليمٌ بما

Idhgaam

Idhgaam (Ek harf ka dusre harf mein dakhil hona)

Huroof e Idhgaam:ر م ل و ن

Idhgaam ki 2 qismein hai :

1- **Idhgaam Ba Gunna** : Jab Noon Sakin ya Tanween ke baad ي م و ن aaye to gunna ke saath idhgaam hoga.
Jaise : مَن يَّقُوْلُ، اَن يُّؤْمِنُو

2 **Idhgaam Bila Gunna** : Jab Noon Sakin ya Tanween ke baad ل ر aaye toh bagair gunna ke Idhgaam hoga :
jaise : مِن رَّبِّهِم

Ikhfa

Ikhfa (chupana) : Agar kisi kalme mein Noon Sakin ya Tanween ke baad yeh 15 huroof aayen toh Ikhfa hoga, aur gunna ki miqdaar ek Alif (2 harkaat) ke barabar hogi.

Ikhfa ke Huroof:

ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ك

Jaise : كُنْتَ ،مِن قَبْل

Note : Qur'an mein 7 Kalimaat Idhgaam ke qaide se Mustasna (exception) hai. Yani in mein Idhgaam nahi hoga balke Izhaar hoga :

نوٹ :قرآن میں ۷ کلمات ادغام کے قاعدے سے مستثنی ہے یعنی ان میں ادغام نہیں ہو گا بلکہ اظہار ہوگا .

مَنْ رَاقٍ ، نۗ وَالْقَلَمِ ، يسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ ، دُنْيَا ، بُنْيَانُ ، قِنْوَان ، صِنْوَان

تنوین اور نون ساکن کے قاعدے

اظہار

اظہار (ظاہر کرنا) :

اگر کسی کلمے میں نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف حلقیہ آئے تو اظہار کر کے پڑھے گے اور غنہ نہیں ہو گا یعنی نون کو ظاہر کر کے پڑھا جائیگا :

اظہار کے حروف :

ء، ہ ، ع ، ح ، غ ، خ

جیسے : مِنْ خَلَق، كُفُواً اَحَد

ادغام

اقلاب : (بدلنا)

اگر کسی کلمے میں نون ساکن یا تنوین کے بعد ب ہو تو ن کو م میں بَدَل کے غنہ کے ساتھ پڑھے گے

جیسے :

من بَخِلَ ، اليمٌ بما

اقلاب

ادغام(ایک حرف کا دوسرے حرف میں داخل ہونا)

حروف ادغام : ي ر م ل و ن

ادغام کی ۲ قسمیں ہیں:

۱ **ادغام با غنہ:** جب نون ساکن یا تنوین کے بعد ي م و ن آئے تو غنہ کے ساتھ ادغام ہوگا
جیسے :مَن يَّقُوْلُ، اَن يُّؤْمِنُو

۲ **ادغام بلا غنہ** : جب نون ساکن یا تنوین کے بعد ل ر آئے تو بغیر غنہ کے **ادغام** ہو گا :
جیسے : مِنۢ رَّبِّهِم

اِخْفا

اِخْفا (چھپانا) :

اگر کسی کلمے میں نون ساکن یا تنوین کے بعد یہ ۱۵ حروف آئیں تو اِخْفا ہوگا . اور غنہ کی مقدار ایک الف (۲ حرکت) کے برابر ہوگی

اِخْفا کے حروف :

ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ک

جیسے : كُنْتَ ،مِن قَبْل

Jis Meem par jazm ho, usey Meem Saakin (مْ) kehte hai.

جس م پر جزم ہو، اسے م ساکن (مْ)کہتے ہیں۔ کہتے ہیں۔

Meem (م) Saakin Ke Ahkaam
م ساکن کے احکام (مْ)

Idghaam Shafawi ادغام شفوی	Ikhfaa' Shafawi اخفاء شفوی	Izhaar Shafawi اظہار شفوی
Agar kisi kalme mein م saakin ke baad م mutharrak aa jaye toh idghaam kar ke ghunna ke saath padhenge. Isey idghaam shafawi kehte hain. اگر کسی کلمے میں م ساکن کے بعد م متحرک آ جائے تو ادغام کرکے غنۃ کے ساتھ پڑھینگے۔ اسےادغام شفوی کہتے ہیں ۔ **لَهُمْ مَّشَوْا، عَلَيْهِمْ مَّسْجِداً، قُلُوْبِهِمْ**	Agar kisi kalme mein م saakin ke baad ب mutharrak aa jaye toh ghunna ke saath ikhfaa' kar ke padhenge. Isey ikhfaa' shafawi kehte hain. اگر کسی کلمے میں م ساکن کے بعد **ب** متحرک آ جائے تو غنّہ کی ساتھ اخفاء کرکے پڑھینگے۔ اسے اخفاء شفوی کہتے ہیں۔ **يَأْمُرُكُمْ بِه، فَاحْكُمْ بَيْنَنَا، نُوْرُهُمْ بَيْنَ**	Agar kisi kalme mein م saakin ke baad م aur ب ke alawa koi bhi harf aaye toh izhaar karenge Isey izhaar shafawi kehte hai. اگر کسی کلمے میں م ساکن کے بعد م اور **ب** کے علاوہ کوئی بھی حرف آئے تو اظہار کرینگے۔ اسے اظہار شفوی کہتے ہیں۔ **اَلْحَمْدُ، أَنْعَمْتَ**

Laam e Jalalah ka Qaidah- Laam e Jalalah Allah ke Laam ko bhi kehte hai. Laam e Allah se pehle fat'ha ya dammah ho toh Laam e Allah ko pur padhenge. Laam e Allah se pehle kasra ho toh Laam e Allah ko bareek padhenge. Laam e Allah ke alava baqiyah tamam Laam bareek padhe jayenge. Jaise- **الْحَمْدُ الَّذِيْنَ**	**لام جلالہ کا قاعدہ -** لام جلالہ اللہ کے لام کو بھی کہتے ہیں ۔ لام اللہ سے پہلے فتحہ یا ضمّہ ہو تو لام اللہ کو پر پڑھیں گے۔ لام اللہ سے پہلے کسرہ ہو تو لام اللہ کو باریک پڑھیں گے۔ لام اللہ کے علاوہ بقیہ تمام ل باریک پڑھے جائیں گے۔ جیسے **الْحَمْدُ الَّذِيْنَ**

Huroof e Muqattia'at - Alag alag padhe jaane wale harfo ko Huroof e Muqattia'at kehte hai. Huroof e Muqattia'at 14 hai jo Qur'an Majeed mein 29 suraton ke shuru mein aaye hai aur apne naamo ke saath padhe jaate hai. Jaise الٓمٓ ko **الف ، لام ، میم** padhenge.	**حروف مقطعات -** الگ الگ پڑھے جانے والے حرفوں کو حروف مقطعات کہتے ہیں۔ حروف مقطعات ١٤ ہیں ۔ جو قرآن مجید میں ٢٩ سورتوں کے شروع میں آئے ہیں اور اپنے ناموں کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں۔ جیسے الٓمٓ کو **الف ، لام ، میم** پڑھیں گے۔

Gunnah: Naak me awaaz le jaane ko Gunnah kehte hai . Gunnah ka Makhraj Khaishoom hai aur Gunnah ki miqdaar 2 harkaat hai.	**غنہ** :ناک میں آواز لے جانے کو غنہ کہتے ہے .غنہ کا مخرج خیشوم ہے اور غنہ کی مقدار 2 حرکت ہے۔

Madd Ke Ahkaam مد کے احکام

Madd e Muttasil Wajib مد متصل واجب

Harf e Madd ke baad Hamza ussi kalme mein ho toh Madd e Muttasil hoga. Iski miqdaar do, dhaai aur chaar alif hai.

حرف مد کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو مد متصل ہوگا۔ اسکی مقدار دو، ڈھائی اور چار الف ہے۔ جیسے بِدَآءً

Madd e Munfasil Jayez مد منفصل جائز

Harf e Madd ke baad Hamza dusre kalme mein ho toh Madd e Munfasil hoga. Iski miqdaar do, dhaai aur chaar alif hai.

حرف مد کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو مد منفصل ہوگا ۔ اسکی مقدار دو، ڈھائی اور چار الف ہے۔ جیسے مَآ اَنْتُمْ

Madd e Lazim مد لازم

Harf e Madd ke baad wale harf par agar jazm ya tashdeed ho toh Madd e Lazim hoga. Iski miqdaar 3 ya 5 alif hai. Madd e Lazim ki 4 qismein hai.

حرف مد کے بعد والے حرف پر اگر جزم یا تشدید ہو تو مد لازم ہوگا۔ اس کی مقدار تین تا پانچ الف ہے ۔ مد لازم کی چار قسمیں ہیں۔

KALMI کلمی

Madd e Lazim Kalmi Musaqqal
مد لازم کلمی مثقل

Jis kalme mein Harf e Madd ke baad tashdeed ho toh Madd e Lazim Kalmi Musaqqal hoga.

جس کلمہ میں حرف مد کے بعد تشدید ہو تو مد لازم کلمی مثقل ہو گا۔
دَآبَّةٍ

Madd e Lazim Kalmi Makhaffaf
مد لازم کلمی مخفف

Jis kalme mein Harf e Madd ke baad jazm (Sukoon Lazim) ho toh Madd e Lazim Kalmi Makhaffaf hoga. Poore Kalaam Paak mein Madd e Lazim Kalmi Makhaffaf ki ek hi misaal hai.

جس کلمہ میں حرف مد کے بعد جزم
(سکون لازم) ہو تو مد لازم کلمی مخفف ہوگا۔
پورے کلام پاک میں مد لازم کلمی مخفف کی صرف یہی ایک مثال ہے۔
آلْئٰنَ

HARFI حرفی

Madd e Lazim Harfi Musaqqal
مد لازم حرفی مثقل

Huroof e Muqattia'at mein Harf e Madd ke baad tashdeed ho toh Madd e Lazim Harfi Musaqqal hoga.

حروف مقطعات میں حرف مد کے بعد تشدید ہو تو مد لازم حرفی مثقل ہوگا ۔

Madd e Lazim Harfi Mukhaffaf
مد لازم حرفی مخفف

Muqattia'at mein Harf e Madd ke baad sukoon lazim (Jazm) ho toh Madd e Lazim Harfi Mukhaffaf hoga.

حروف مقطعات میں حرف مد کے بعد سکون لازم (جزم) ہو تو مد لازم حرفی مختف ہوگا۔

<table>
<tr><th colspan="2">حروف قمری و شمسی</th></tr>
<tr><td colspan="2">❖ الف کو چھوڑ کر حروف تہجی کی دو قسمیں ہیں۔</td></tr>
<tr><th>حروف قمری (١٤)</th><th>حروف شمسی (١٤)</th></tr>
<tr><td>لام تعریف (ال) کے بعد اِبْغِ حَجِّكَ وَخَفْ عَقِيمَهْ میں سے کوئی حرف آئے تو لام تعریف کا اظہار ہوگا ۔ (یعنی الف کو نہیں پڑھیں گے اور لام کو پڑھیں گے) اسکو اظہار قمری کہتے ہے۔
جیسے وَالْقَمَرِ، مَاالْقَارِعَةُ</td><td>لام تعریف (ال) کے بعد تَذُلُّ سِزَثٍ نَصَرٍ ضَطَظٍ شُذْ میں سے کوئی حرف آئے تو لام تعریف کا ادغام ہوگا (یعنی الف اورلام دونوں کو نہیں پڑھیں گے)۔
جیسے وَالشَّمْسِ، بِاالدِّيْنِ</td></tr>
</table>

اِبْغِ حَجِّكَ وَخَفْ عَقِيمَهْ

<table>
<tr><th colspan="2">Huroof e Qamri wa Shamsi</th></tr>
<tr><td colspan="2">❖ Alif ko chodh kar Huroof e Tahajji ki 2 qismein hai</td></tr>
<tr><th>Huroof e Qamri</th><th>Huroof e Shamsi</th></tr>
<tr><td>Laam Taareef (ال) ke baad mein se koi harf aaye toh Laam Taareef ka izhaar hoga.(Yani Alif ko nahi padhenge). Isko Izhaar e Qamri kehte hai. Jaise- وَالْقَمَرِ، مَاالْقَارِعَةُ</td><td>Laam Taareef (ال) ke baad mein se koi harf aaye toh Laam Taareef ka Idhgaam hoga. (Yani Alif aur Laam dono ko nahi padhenge).
Jaise - وَالشَّمْسِ، بِاالدِّيْنِ</td></tr>
</table>

Sakte Ka Bayaan- Kisi kalime par bagair saans liye theher kar aage qiraat jaari rakhne ko Saktah kehte hai. Qur'an Majeed mein sirf 4 muqamaat par ba riwayat Hafs Saktah wajib hai.	**سکتے کا بیان** - کسی کلمے پر بغیر سانس لئے ٹھہر کر آگے قرآت جاری رکھنے کو سکتہ کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں صرف چار مقامات پر بروایت حفص سکتہ واجب ہے۔
Noon e Qutni- Jab tanween ke baad wala harf sakin ho yani 2 sakin ek jagah jamaa ho toh pehle sakin ko kasra de kar padhe. Maslan **خَيْرًا الْوَصِيَّةُ کو خَيْرَانِ الْوَصِيَّةُ**	**نون قطنی**- جب تنوین کے بعد والا حرف ساکن ہو یعنی دو ساکن ایک جگہ جمع ہوں تو پہلے ساکن کو کسرہ دے کر پڑھیں۔ مثلاً **خَيْرًا الْوَصِيَّةُ کو خَيْرَانِ الْوَصِيَّةُ**

راء ساکنہ و مشدّدہ		
❖ جزم والی راء کو راء ساکنہ کہتے ہیں اور تشدید والی راء کوراء مشددہ کہتے ہیں۔ ❖ راء کے پڑھنے کے دو قاعدے ہیں - ۱) پر (۲) باریک		
	راء پر پڑھنے کے قاعدے	**راء باریک پڑھنے کے قاعدے**
۱	راء کے اوپر فتحہ یا ضمّہ ہو تو راء پر پڑھیں گے۔ مثلاً **رَبَّنَا، رُسُلُنَا**	راء کے نیچے کسرہ یا کسرتین ہو تو راء باریک ہوگی۔ مثلاً **رِجْسٌ، خَیْرٍ**
۲	راء کے اوپر دوز بر یا ضمّتین ہو تو راء پر پڑھیں گے مثلاً **نَارًا ذَاتَ، نَارٌ حَامِیَۃ**	راء مشددہ کے نیچے کسرہ یا کسرتین ہو تو راء باریک ہوگی۔ مثلاً **مِنْ شَرِّ مُسْتَمِرٍّ**
۳	راء مشددو کے اوپر فتحہ یا ضمّہ ہو تو راء پر پڑھیں گے۔ مثلاً **بَرَّ، بِرُّ**	راء ساکن سے پہلے کسرہ ہو اور اس کے بعد حروف مستعلیہ میں سے کوئی حرف نہ ہو تو راء باریک ہوگی۔ مثلاً **فِرْعَوْنَ، مِرْیَۃٍ**
٤	راء ساکنہ سے پہلے فتحہ یا ضمّہ ہو تو راء پر پڑھیں گے۔ مثلاً **قُرْآنُ، أَرْسَلْنا**	راء ساکن سے پہلے ساکن ہو اور اس سے پہلے کسرہ ہوتو راء باریک ہوگی۔ مثلاً **بَصِیْرْ**
۵	راء ساکنہ سے پہلے کسرہ اور اس کے بعد حروف مستعلیہ کے سات حروف (**خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ**) میں سے کوئی حرف آئے تو راء پر ہوگی۔ مثلاً **مِرْصَادْ، قِرْطَاسٍ**	راء ساکن سے پہلے یاء ساکن ہو تو راء باریک ہوگی۔ (نوٹ : یاد رکھنا چاہئے یہ قاعدہ صرف وقف کرنے کی صورت میں ہے اور وصل کی صورت میں راء اپنی حرکت کے تابع رہیگی - مثلاً **خَیْرٌ، نَذِیْرْ**
٦	راء ساکن سے پہلے ساکن ہو اور اس سے پہلے فتحہ یا ضمّہ ہو تو راء پر ہوگی۔ مثلاً **غَفُوْرْ**	* پورے قرآن شریف میں امام حفص کی روایت میں ایک جگہ راء کا امالہ ہے۔ مثلاً **مَجْرٖىهَا** کی راء کو مجہول پڑھیں گے۔ جس طرح ہم اردو میں کہتے ہیں تیرے میرے وغیرہ۔
۷	راء ساکن سے پہلے کسرہ عارضی ہو تو راء پر ہوگی۔ مثلاً **اِنِ ارْ تَبْتُمْ، اَمِ ارْتَابُوْ**	

<table>
<tr><th colspan="3">Raa Sakinah wa Mushaddadah</th></tr>
<tr><td></td><td colspan="2">❖ Jazm wali Raa ko Raa e Sakinah kehte hai aur Tashdeed wali Raa ko Raa e Mushaddadah kehte hai.
❖ Raa ke padhne ke 2 qaide hai- 1. Pur, 2. Bareek.</td></tr>
<tr><td></td><td>Raa Pur Padhne Ke Qaide</td><td>Raa Bareek Padhne Ke Qaide</td></tr>
<tr><td>1</td><td>Raa ke upar fat'ha ya dammah ho toh Raa pur padhenge. Maslan- رَبَّنَا، رُسُلُنَ</td><td>Raa ke niche kasra ya kasratain ho toh Raa bareek hogi. Maslan- رِجْسٌ، خَيْر</td></tr>
<tr><td>2</td><td>Raa ke upar fat'hatain ya dammatain ho toh Raa ko pur padhenge. Maslan
نَارًا ذَاتَ، نَارٌ حَامِيَة</td><td>Raa Mushaddadah ke niche kasra ya kasratain ho toh Raa bareek hogi. Maslan
مِنْ شَرِّ مُسْتَمِر</td></tr>
<tr><td>3</td><td>Raa Mushaddadah ke upar fat'ha ya dammah ho toh Raa pur padhenge. Jaise
بَرَّ ، بِرُّ</td><td rowspan="2">Raa Sakin se pehle kasra ho aur uske baad Huroof e Mustaliyah mein se koi harf na ho toh Raa bareek hogi. Maslan
فِرْعَوْنَ، مِرْيَة
Raa Sakin se pehle sakin ho aur usse pehle kasra ho toh Raa bareek hogi. Maslan
بَصِيْرْ</td></tr>
<tr><td>4</td><td>Raa Sakinah se pehle fat'ha ya dammah ho toh Raa pur padhenge. Maslan
قُرْآنُ، أَرْسَلْنا</td></tr>
<tr><td>5</td><td>Raa Sakinah se pehle kasra aur iske baad Huroof e Mustaliyah ke 7 Huroof (خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ) mein se koi harf aaye toh Raa pur hogi. Maslan مِرْصَادْ ، قِرْطَاسٍ</td><td>Raa Sakin se pehle Yaa sakin ho toh Raa bareek hogi. (Note: Yeh yaad rakhna chahiye yeh qaida sirf waqf karne ke surat mein hai aur wasl ki surat mein Raa apne harkat ke taabey rahegi. Maslan
خَيْرٌ، نَذِيْرْ</td></tr>
<tr><td>6</td><td>Raa Sakin se pehle sakin ho aur usse pehle fat'ha ya dammah ho toh Raa pur hogi. Msslan
غَفُوْرْ</td><td>Purey Qur'an Shareef mein Iman Hafs ki riwayat mein ek jagah Raa ka Imaala hai. Maslan مَجْرٖىٰهَا Ki Raa ko majhool padhenge . Jis tarah ham urdu mein kehte hai – tere, mere, wagairah.</td></tr>
<tr><td>7</td><td>Raa Sakin se pehle kasra aarzi ho toh Raa pur hogi. Maslan اِنِ ارْ تَبْتُمْ، اَمِ ارْتَابُوْ</td><td></td></tr>
</table>

Rasmulkhat- yani likhne ka tarika. Qur'an mein bahut jagah alif, waaw, yaa likhe huye hai, agar padhe nahi jaate. Unhe Rasmulkhat kehte hai. Un par nishaan bana hua hai **(X).** Jaise lafz اَنَا mein noon ke baad ka alif kahin padha nahi jaaegaa اَنَ ki tarah padhege jab ke us par na theherey, har khane mein likhne ke tareeke ke saath padhne ka tareeqa bhi likha hua hai.	**رسم الخط -** یعنی لکھنے کا طریقہ ۔ قرآن میں بہت جگہ **اوی** لکھے ہوئے ہیں مگر پڑھے نہیں جاتے۔ انہیں رسم الخط کہتے ہیں۔ ان پر نشان **(X)** بنا ہوا ہے۔ لفظ **اَنَا** میں نون کے بعد کا الف کہیں پڑھا نہیں جائے گا۔ اَنَ کی طرح پڑھیں گے۔ جب کہ اس پر نہ ٹھہرے ۔ ہر خانہ میں لکھنے کے طریقے کے ساتھ پڑھنے کا طریقہ بھی لکھا ہوا ہے ۔

Waqf Ka Bayaan			وقف کا بیان
(◌) Aise gol nishaan ko waqf karna kehte hai. Waqf ke ma' ani rukne ke hai yani tilawat karte waqt jab ham theherte hai, usko waqf kehte hai.			(◌) ایسے گول نشان کو وقف کرنا کہتے ہیں ۔ وقف کے معنی رکنے کے ہیں یعنی تلاوت کرتے وقت جب ہم ٹھہرتے ہیں، اس کو وقف کہتے ہیں۔
1	Fat'ha, kasra, dammah, kasratain aur dammatain par waqf karna ho toh un par Jazm laga kar waqf kare.	فتحہ ، کسرہ ، ضمّہ، کسرتین اور ضمّتین پر وقف کرنا ہو تو ان پر جزم لگا کر وقف کریں۔	١
2	Fat'hatain ki tanween par waqf karna ho toh ek fat'ha ke saath Alif padha jata hai.	فتحتین کی تنوین پر وقف کرنا ہو تو ایک فتحہ کے ساتھ الف پڑھا جاتا ہے۔	٢
3	Kasratain ki tanween par waqf karna ho toh aakhri harf par Jazm laga kar padha jata hai.	کسرتیں کی تنوین پر وقف کرنا ہو تو آخر حرف پر جزم لگا کر پڑھا جاتا ہے۔	٣
4	Gol ۃ par waqf karna ho toh gol ۃ ko ہ mein badal kar sakin karke padhenge.	گول ۃ پر وقف کرنا ہو تو گول **ۃ** کو **ہ** میں بدل کر ساکن کر کے پڑھیں گے۔	٤
Note: Aayat ke bich me agar saans tute toh us kalme ke aakhri harf ko Sakin karke saans tode, Phir kuch piche se lauta kar padhe.			**نوٹ:** آیت کے بیچ میں اگر سانس ٹوٹے تو اس کلمے کے آخری حرف کو ساکن کر کے سانس توڑیں۔ پھر کچھ پیچھے سے لوٹا کر پڑھے۔

Alaamat e Waqf		علامات وقف
***Qur'an Majeed ki tilawat karte waqt in alaamat ko zehen mein rakhein.**		*قرآن مجید کی تلاوت کرتے وقت ان علامات کو ذہن میں رکھیں ۔
Wazaahat	علامت **Alaamat**	وضاحت
Is alaamat ko aayat kehte hai.	۝	**اس علامت کو آیت کہتے ہیں۔**
Yeh Waqf e Lazim ki alaamat hai. Is par zarur theherna chahiye.	**م**	**یہ وقف لازم کی علامت ہے۔اس پر ضرور ٹھہرنا چاہیے۔**
Waqf e Mutlaq ki alaamat hai. Is par theherna chahiye.	**ط**	**وقف مطلق کی علامت ہے۔ اس پر ٹھہرنا چاہیے۔**
Yahan theherna behtar hai aur na theherna bhi jayez hai.	**ج**	**یہاں ٹھہرنا بہتر ہے اور نہ ٹھہرنا بھی جائز ہے۔**
Yahan na theherna behtar hai.	**ز**	**یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔**
Yahan milaakar padhna chahiye lekin agar thak kar theher jaye toh ruk sakte hai.	**ص**	**یہاں ملاکر پڑھنا چاہیے لیکن اگر تھک کر ٹھہر جائے تو روک سکتے ہیں۔**
Yahan milaakar padhna chahiye.	**صلی**	**یہاں ملاکر پڑھنا چاہیے ۔**
Yahan theherna nahi chahiye.	**ق**	**یہاں ٹھہرنا نہیں چاہیے ۔**
Yahan theherna behtar hai.	**صل**	**یہاں ٹھہرنا بہتر ہے۔**
Yahan theher jao.	**قف**	**یہاں ٹھہر جاؤ۔**
Yahan kisi qadr theherna chahiye magar saans na tutne paaye.	**س/ سکتہ**	**یہاں کسی قدر ٹھہرنا چاہیے مگر سانس نہ ٹوٹنے پائے۔**
Yahan sakta ki nisbat zyada theherna chahiye magar saans bhi na todhe.	**وقفہ**	**یہاں سکتہ کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیے مگر سانس بھی نہ توڑیں۔**
Yeh alaamat kahi alaamat par hoti hai, yaha theherein ya na theherein, ma'ani nahi badalta. Jahan alaamat ke darmiyan لا ho, waha na theherein warna ma'ani badal jayega.	**لا**	**یہ علامت کہیں آیت پر ہوتی ہے، یہاں ٹھہریں یا نہ ٹھہریں، معنی نہیں بدلتا۔ جہاں علامت کے درمیان لا ہو، وہاں نہ ٹھہریں ورنہ معنی بدل جائینگا۔**
Matlab yeh hai ke yahan 3 jumlon mein se jin 2 ko chaho, milaakar padho.	**مع** **∴**	**مطلب یہ ہے کہ یہاں تین جملوں میں سے جن دو کو چاہو ملاکر پڑھو۔**
Matlab yeh hai ke pichli aayat mein jo alaamat aa chuki hai, wahi yahan bhi hai.	**ک**	**مطلب یہ ہے کہ پچھلی آیت میں جو علامات آ چکی ہے وہی یہاں بھی ہے۔**